ملاکر نتارتے جاویں کئی مرتبہ اسی طرح کریں آخر میں جو کچھ ودو اور کینکری ہووے پھینک دیویں اور سر باسن کو چھپادیں تو نیچے بیٹھے پس اوپر کے پانی کو پھینک کر تہ نشین کو خشک کرکے استعمال میں لاویں۔ **طریق مشوی کردن محمودہ**۔ سقمونیا کو لیکر سیب یا بہی کے شکم میں رکھ کر خمیر آرد کا اُس پر لپیٹ کر تنور میں یا آگ راکھ کے نیچے گاڑدیویں تو بخار سے مشوی ہو جاویگا۔ یا بیضہ مرغ خالی کرکے خمیر یا مٹی اُسپر لپیٹ کر اُسی طور تشویہ کرکے کام میں لاویں یا کوٹ کر شہد ملاکر کپڑے میں باندھ کر گلحکمت کرکے تنور معتدل میں تشویہ کرکے کام میں لاویں مازو اور انیسون اور نانخواہ وغیرہ میں اسی طرح مشوی کرکے کام میں لاویں۔ **طریق احراق عقرب**۔ بچھو زندہ کو تانبے یا لوہے کے باسن میں ڈال کر سر اس کا خمیر سے خوب مضبوط کریں آگ کو تنور سے باہر کرکے رات بھر اُس میں رہنے دیویں اور تنور کے سر کو چھپادیں صبحکو نکالیں اور پیسکر کام میں لاویں **طریق احراق افعی**۔ یعنی سانپ کوزہ میں گلحکمت کرکے بہت گرم تنور میں رات بھر رہنے دیویں بعد اُس کے نکالکر پیسکر روغن زیتون یا سرکہ کے ساتھ خنازیر پر ضماد کریں **طریق غسل بہروزہ** یعنی بہروزہ ایک ہانڈی میں بقدر نصف کے پانی بھر کر اُسکے مُنہ پر ایک کپڑا چھجرا باندھ کر اُس پر بہروزہ رکھ کر سرپوش سے بند کردیں اور ہانڈی کو آگ پر رکھیں جب بہروزہ پانی کی گرمی سے ٹپک کر ہانڈی میں گر جاوے گا پھر اُسکے کدورت دفع کردیویں اور اسی طرح پانچ دفعہ کریں کہ قابل سفوف کے ہو جاوے **طریق غسل کبریت** یعنی گندھک ایک دیگچی میں بقدر نصف کے دودہ گائے کا بھر کر اُسکے مُنہ پر کپڑا جھجرا باندھ کر گرد اُسکی آٹا چھنا گوندھکر حلقہ کردیویں اور گندھک کو ریزہ ریزہ کرکے کپڑے پر رکھیں اور ایک توا اُسپر اُلٹا اس طرح رکھیں کہ گندھک سے ملا رہے توے پر آگ کوئلہ کی رکھیں کہ گندھک پگھل کر دودھ میں گرے پھر گندھک کو لیکر رطوبت اُسکی دوسرے کپڑے میں جذب کر ڈالیں۔ **طریق غسل مرداسنگ**۔ مردار سنگ کو رگڑکے پانی میں ملادیں اور تین روز تک کسی برتن میں رکھا رہے ہر روز دو تین بار خشک کردیا کریں بعد تین روز کے پانی کو دفع کرکے تہ نشین میں پانی جدید ملاکر جنبش دے کر رکھیں جب پھر تہ نشین ہو جاوے پانی ٹپکا کے صاف کرلیویں بعد ازاں خشک کرکے کام میں لاویں۔ **طریق احراق شاخ گوزن** سینگ بارہ سینگا وغیرہ کو کوزہ میں گلحکمت کرکے گرم تنور میں رکھنا چاہئے **طریق احراق شعر و پشم وغیرہ**۔ بال اور پشم کو صابون سے صاف کرکے ایک برتن میں آگ پر رکھیں کہ اسمیں جاوے اور لائق پیسنے کے ہو جاوے مگر سوختہ نہ ہو جاوے پیسکر استعمال میں لاویں **طریق احراق ابرمردہ**

ابرمردہ کو ریزہ ریزہ کرکے بدستور بالوں کے احراق کریں- **طریق اصلاح توتیا کرمانی** یعنی
سنگ بصری کو آگ میں سُرخ کرکے چند بار عرق گلاب یا عرق لیموں میں سرد کریں بعد اُسکے
استعمال میں لاویں **طریق نمک بریان کردن**- نمک کو ریزہ ریزہ کرکے ایک دیگچی میں رکھکر
سر پوش بند کرکے آگ پر رکھیں جب ٹپکنا اس سے موقوف ہوجاوے اوتار کر اور پیس کر
استعمال میں لاویں- **طریق پختن شورہ**- دو تولہ شورہ کو لیکر کرچھی میں ڈالکر آگ پر رکھیں
جب پگھل جاوے چھ تولہ مرچ سیاہ آہستہ آہستہ ڈالتے رہیں اور ایک سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں
اور مرچ سیاہ اس میں مثل آگ کے ہوکر جلتی جاویگی جب تمام مرچ سیاہ جلجاویں اوتار کر جلدی
ایک برتن گلی آب نارسیدہ میں ڈالدیویں اور اس میں سے اکھاڑ کر استعمال میں لاویں-
طریق احراق اشخار- سجی کو ریزہ ریزہ کرکے ایک مٹی کے سفال میں آگ پر رکھیں بحدیکہ
رنگت اسکی تبدیل ہوجاوے- **طریق بریان کردن مازو**- مازو کو روغن گاؤ میں اسقدر بریان
کریں کہ شق ہوجاوے اور سوختہ ہوجاوے- **طریق بریان کردن عنصل**- اسقیل کو آٹے میں لپیٹ کر
نرم آگ میں مدفون کریں کہ آٹا پک جاوے پھر آٹے کو دفع کرکے استعمال میں لاویں-
طریق بریان کردن ہلیلہ زرد- ہلیلہ سیاہ و زرد کو روغن گاؤ میں بریان اس قدر کریں کہ پھول کر
رنگ مائل بسرخی ہوجاوے- **طریق اصلاح غاریقون**- غاریقون میں ناخن اور
ریشہائے سخت ہوتے ہیں اُسکا استعمال منع ہے لہذا اُسکے نکالنے کی تدبیر یہ ہے کہ غاریقون
کو ملکر موٹے کپڑے موئینہ خواہ گزینہ میں چھان کر صاف کرکے استعمال کریں- **طریق
تدبیر بچھناگ**- میٹھا تیلیہ کو ریزہ ریزہ کرکے پوٹلی باندھ کر ایک دیگچہ میں کہ دودھ
گاؤ تازہ اس میں بقدر دس بارہ سیر کے ہو جوش دیں- جب دودھ خشک ہونے
لگے نکال کر دھو ڈالیں- تین مرتبہ اسی طرح کریں- بعد اس کے خشک کرکے پیس کر
مقدار نیم رتی کے واسطے فالج اور لقوہ اور استسقا اور استرخا بلغمی کے کام میں لاویں **طریق
احراق قشر بیضہ**- بیضہ کو خالی کرکے نمک کے پانی سے دھو ڈالیں اور پردہ اندرونی اس کا
دور کریں کوٹ کو کوزہ میں گلحکمت کرکے آگ پھونک دیویں پھر نکالکر دھو کر کام میں لاویں
طریق اصلاح اذاراقی- کچلہ کو تین روز تک پانی میں تر رکھیں ہر روز پانی تبدیل کیا کریں
اسکے بعد شیر گاؤ میں چار پہر تک جوش دیں پھر اُس سے نکال کر جاقو سے پوست اس کا
دور کرکے روغن بادام یا روغن زرد میں بریان کرکے پیس کر استعمال میں لاویں +

طریق حب السلاطین۔ حب الملوک مقشر کرکے گاؤمیش کے گوبر میں پوٹلی باندھکر چار پہر تک جوشدیں بعد اُسکے نکالکر دھوڈالیں اور پتا اُس کا دور کرکے اسی طرح پوٹلی باندھکر چار پہر تک دودہ گاؤ میں جوشدیں پھر اسکو خوب باریک کرکے استعمال میں لاویں۔ طریق اصلاح حب المساکین۔ حب النیل کو مثل دانوں کے توے پر رکھکر بریان کریں تاکہ بو اور رنگ اسکا تبدیل ہوجاوے۔ طریق اصلاح تربد سفید۔ تربد سفید کا اوپر کا پوست نراشکر اور استخوان اندرون کا دفع کرکے استعمال میں لاویں۔ طریق مدبر کردن زیرہ کرمانی۔ زیرہ سیاہ کو تین مرتبہ سرکہ سے تر کرکے خشک کریں اور بعد اس کے بریان کریں۔ اور استعمال میں لاویں۔ طریق احراق صدف۔ سیپ کو لیکر گلحکمت کرکے آگ میں پھونک دیویں تو جل جاویگا نشان جلنے کا یہ ہے کہ سفید ہوجاویگا اگر ایک دفعہ میں نہ جلے تو پھر مٹی لگاکر آگ پھونک دیویں اور کپڑچھان کرکے استعمال میں لاویں۔ طریق اصلاح سفیدہ وچونہ جدا جدا پانی میں دھوکر خشک کرلیویں پھر استعمال میں لاویں۔ طریق تصفیہ سیماب پارہ کو چالیس مرتبہ سنگین کپڑے میں صاف کرکے استعمال میں لاویں۔ طریق اصلاح چاکسو۔ چاکسو کی پوٹلی باندھکر آب بادیاں یا آب سرگین خر میں جوشدیں پوست اُس کا دفع کرکے باریک پیس کر کام میں لاویں۔ طریق احراق سکہ وقلعی وغیرہ۔ سکہ دو درم کو ریزہ ریزہ کرکے لوہے کے توے پر رکھیں تھوڑا اسفیدہ اور دو مٹھی جو لیکر آہستہ آہستہ اُسپر ڈالتے رہیں۔ اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ تو تمام جلجاوے اور قلعی بھی اسی طرح سے احراق ہوجاتی ہے سکہ اور قلعی ریزہ ریزہ کرکے ڈنڈے کونڈے سنگین میں مصری کے ساتھ بھی خوب لائق خوراک کے ہوجاتی ہیں۔ طریق اصلاح سرمہ۔ سرمہ کو روئی میں لپیٹکر آگ میں جلادیں جب دھواں نکلنا موقوف ہوجاوے صاف کرکے استعمال میں لادیں۔ طریق اقلیمیا و کوڑی زرد وغیرہ کو کوزہ گلحکمت سے تنور گرم میں رکھا جاوے +

باب دوم دربیان علم علاج امراض بدن مشتمل بر چہار فصل

فصل اول دربیان شناخت اقسام فعلہا ادویات

کاہو۔ کاسنی۔ کشنیز۔ گلسرخ۔ عناب۔ صندلین۔ شاہترہ۔ آلو بخارا۔ نیلوفر۔ معدلات خون۔ بنفشہ۔ برگ نم۔ برہم ڈنڈی۔ منڈی۔ حنا۔

معدلات صفرا	خرفہ- کاہو کاسنی- تخم خیارین کشنیز- صندل سفید خطمی خبازی- بہیدانہ اسبغول ترنجبین وغیرہ-
معدلات بلغم	بادیان- انیسون- اصل السوس- مویز منقی- ملٹھی تخم و بیخ کرفس سنبل الطیب کمون- دارچینی- زنجبیل وغیرہ-
معدلات سودا	سپستان گاؤزبان اصل السوس- انجیر- مویز منقی- افتیمون- آلو- تمر ہندی- شاہترہ-
منضجات صفرا	عناب- گلسرخ- بنفشہ- نیلوفر- شاہترہ- تخم کاسنی- عنب الثعلب- تمر ہندی- آلو بخارا وغیرہ-
منضجات بلغم	مویز منقی- اصل السوس- انیسون- تخم کرفس- بادیان- بیخ بادیان و بیخ کرفس-
منضجات سودا	سپستان- عناب- گاؤزبان- بادرنجبویہ- اسطوخودوس- پرسیاوشان گاؤزبان- انجیر- گلقند وغیرہ-
مسہلات صفرا	تمر ہندی- آلو بخارا- ترنجبین- شیرخشت- بنفشہ- مغز فلوس- گلسرخ ہلیلہ زرد- افسنتین- سقمونیا- مصبر- شاہترہ-
مسہلات بلغم	تربد سفید- حب النیل- شحم حنظل- غاریقون- حب السلاطین- ریوند- عصارہ جلابا وغیرہ-
مسہلات سودا	افتیمون- اوسطوخودوس- سنا مکی- تخم کشوث- خیار شنبر- ہلیلہ ثلثہ- آلو بخارا- انبلی وغیرہ-
ملینات مواد	عناب- آلو بخارا- بنفشہ- سپستاں- گلقند- انجیر- مویز منقی- ملٹھی- کاسنی گلسرخ- عناب- مغز تخم خربوزہ- تمر ہندی- عنب الثعلب- ترنجبین- شیرخشت
ملینات اورام	مغز فلوس- عرق گلاب- سپستاں وغیرہ- خلبہ- کتان- مقل- حنا- تخم بیدانجیر- کنجد- منقی- تخم شبت- آرد جو- تخم و برگ حرمل-
مقیات	جوزالقی- تخم ترب- تخم ہالون- آب کدوی- تلخ سکنجبین سادہ- ماءالعسل نمک ہندی وغیرہ-
مدرات	تخم خیارین خار خسک زیانہ انیسون تخم کاسنی تخم خربوزہ تخم خرفہ تخم گندنا القرع آب تربوز

مُقویات	معجونات۔ مفرحات۔ لنبیات۔ وروغنات ولحمات۔ وبیضیات۔ ومغزیات ویاقوتیات واطریفلات۔
مبہیات	سقنقور۔ خصیۃ الثعلب۔ شقاقل۔ خولنجاں۔ بسباسہ۔ قرنفل۔ دارچینی جوز بویہ۔ زنجبیل۔ کنجد۔ فستق۔ حجر لاجورد۔ مدق نقرہ۔ ورق طلا۔ مرجان بیخ مرجان۔ مروارید۔ یاقوت۔ سنگ یشب۔ ماءاللحم وغیرہ۔
مُقرحات	بلادر۔ اسقیل۔ سیر۔ زرنیخ زراج۔ سیرگین۔ کبوتر۔ صابون۔ تغطشیر مدار حب الملوک۔ رسکپور۔ دارچکنہ وغیرہ۔
مخدرات	افیون۔ بذر البنج اسپند۔ قاتل الکلب بیج شاہترہ۔ کندش تخم وبرگ سنبھالو +
قاتلات	سم الفار۔ زرنیخ۔ دال چکنہ۔ مدار۔ زقوم۔ بچھناک۔ تربد سیاہ وزرد۔ جوزماثل۔ افیون۔ قاتل الکلب بذر البنج۔
قابضات	نخود سیاہ۔ بریان۔ جادرس۔ باقلا۔ برنج۔ عدس۔ مورد بذر قطونا طباشیر مازو۔ گلنار۔ تخم ریحان۔ گل ارمنی۔ حضض۔ انجبار۔ مصطکی۔ دم الاخوین بلوط۔ بارتنگ۔ ریشہ خطمی۔ زیرہ۔ کشنیز۔ کافور وغیرہ۔
موکلات	شدھور۔ سپیدہ۔ توبال مس۔ زنگار۔ انزروت۔ مرداسنگ۔ صدف سوختہ۔ تخم خرما سوختہ۔ پشم سوختہ سم خر واسپ سوختہ۔
معطسات	کاپھل۔ کندش۔ برگ وگل کنیر۔ شونیز۔ فرفیون۔ جند بیدستر فلفل سیاہ تخم حنظل۔ برگ کشمیری وغیرہ۔
مطفیات	آلو بخارا۔ عناب کافور۔ خرفہ بہدانہ۔ اسبغول نیلوفر۔ آب انار۔ آب تربوز ماءالقرع۔ کاہو۔ کاسنی۔ کشنیز۔ صندل سفید۔ بنفشہ عرق گلاب وعرق بید مشک۔ تخم خیارین وغیرہ۔
مفتتات	سنگ یہود حب القلت۔ حب الفرطم۔ خارخسک۔ عقرب سوختہ۔ تخم خربوزہ۔ رازیانہ۔ نخود سیاہ وغیرہ۔
مفرحات	زعفران۔ عنبر اشہب۔ کافور۔ عود گاؤزبان۔ مروارید۔ ابریشم۔ مشک گل سفید۔ عرق گلاب۔ کشنیز۔ گلسرخ۔ الائچی خورد۔ زرنباد سعد قرنفل۔

	کبابہ۔ سنبل الطیب۔ اشنہ۔ جوز انشاط۔
محللات	بابونہ۔ گل خطمی۔ تخم خروع۔ اُشق۔ حرمل۔ سوہانجنہ۔ سنبھالو۔ تخم کنڈیاری۔ زردی بیضہ۔ مقل۔ حلبہ۔ کتان۔ شبت۔ مصبر۔ عنب الثعلب برگ حنا۔ افتیمون۔ کشنیز۔ کشک جو۔
مدملات	موم سفید۔ رال۔ مرداسنگ۔ سنگ جراحت۔ انزروت روغن زرد۔ شحم بُز۔
مفجرات	صابون۔ صبر۔ اشخار۔ نمک۔ ریوند۔ گنوار۔ خاکستر پوست درخت پیپل۔ توتیا۔
مجلیات	زفت۔ نمک۔ عسل۔ شورہ۔ زنگار۔ توتیا سبز۔ صابون۔ انزروت مرداسنگ۔
مفتحات	کرفس۔ انیسون۔ نانخواہ۔ رازیانہ۔ اسطوخودوس۔ تخم کاسنی۔ تخم تربوز۔ تخم خیارین۔
مکسرات	پودنہ۔ زیرہ۔ سداب۔ اجمود۔ انیسون۔ تربھلہ۔ ترکٹا۔ قرنفل۔ دارچینی مصطکی۔ سکنجبین۔
قاطعات	برنج کابلی۔ کبنیلا۔ تربد سفید۔ شحم حنظل۔ افسنتین۔ آب برگ شفتالو۔ تمباکو۔

فصل دوم دربیان شناخت نام اقسام ترکیبہا ادویہ باو فوائد آنہا جہت امراض

نامہائے ایارج

ایارج فیقرا	واسطے درد معدہ و مفاصل
ایارج جالینوس	واسطے تمام امراض بلغمی
ایارج لوقراط	واسطے امراض مرطوب معدہ
ایارج کاغانیس	واسطے فالج و رعشہ وغیرہ
ایارج لوغاذیا	واسطے درد اعضا بلغمی کے

نامہائے اطریفل

اطریفل صغیر	واسطے تمام امراض معدہ
اطریفل کبیر	واسطے امراض معدہ
اطریفل زمانی	منقی دماغ از رطوبت فاسدہ مقوی دماغ
اطریفل کشنیز	واسطے امراض دماغ۔

نامہائے برود

برود احمر	واسطے خارش چشم۔
برود اصفر	واسطے تاریکی چشم
برود کافوری	واسطے ضعف بصر
برود بنفسج	واسطے خارش چشم۔

برود فارسی	واسطے تقویت بصر۔
برود رمانی	واسطے ضعف بصر۔

نامہائے تریاق

تریاق اربعہ	واسطے امراض باردہ معدہ
تریاق افعی	واسطے رفع زہرات
تریاق فاروق	واسطے امراض مزمنہ۔

نامہائے جوارش

جوارش کمونی	واسطے امراض معدہ بارد کے
جوارش مصطگی	واسطے امراض معدہ بارد
جوارش آملہ	واسطے تقویت دل و معدہ
جوارش فنجنوش	واسطے استرخاء معدہ اور قوت باہ
جوارش صندل	واسطے بدہاضمہ حار
جوارش کافوری	واسطے خفقان و ضعف ہاضمہ حار
جوارش زنجبیل	واسطے ضعف معدہ بارد
جوارش ریحانی	واسطے ضعف معدہ حار
جوارش کندر	واسطے فتق۔
جوارش انجدان	واسطے قلق الامعاء۔

نامہائے حب

حب خبث الحدید	واسطے ضعف جگر۔
حب السعال	واسطے سرفہ و واسطے وجع المفاصل
حب ہزاری کبیر	واسطے وجع المفاصل۔
حب ہزاری صغیر	واسطے وجع المفاصل
حب رایج	تنقیہ بدن و دماغ۔
حب خنظل	مسہل قولنج
حب ساکین	مسہل قولنج
حب غاریقون	مسہل استسقاء
حب تربد	مسہل مخرج بلغم
حب ممسک	واسطے امساک
حب بریوما	وجع المفاصل کو ایکہفتہ میں دفع کرنیوالی
حب رام بان	واسطے تپ لرزہ۔
حب حلتیت	واسطے تپ ربع
حب دیدان	واسطے کرم شکم
حب گھونٹ چڑھی	مسہل مخرج بلغم
حب ریوند	جہت استسقاء
حب جیپال	مسہل مخرج بلغم
حب صبر	منقی معدہ و دماغ۔
حب نمک	واسطے ہاضمہ
حب تنکار	واسطے گرانی معدہ

نامہائے روغن

روغن بادام	واسطے خشکی اعضا۔
روغن بنفشہ	واسطے یبوست بدن
روغن بابونہ	واسطے مالش درد اعضاء
روغن حرمل	واسطے مالش وجع المفاصل
روغن قسط بید انجیر	واسطے درد بلغم۔
روغن خشخاش	واسطے خواب لانے کے
روغن کنجد	واسطے تشنج اعضا
روغن بلادر	واسطے ناصور کہنہ۔
روغن اوراق	واسطے وجع المفاصل۔
روغن تم	واسطے جوش خون

روغن کچلا	واسطے ناصور اعضاء
روغن موم	واسطے ضاد ذات الجنب
روغن بیضہ	واسطے سردی اعضاء۔

نامہائے ذرور

ذرور ظفرہ	واسطے ناخونہ چشم
ذرور ابیض	واسطے رمد چشم
ذرور انزروت	واسطے قرحہ چشم
ذرور عزب	واسطے ناصور چشم یعنی کاگ نہندر
ذرور رمادی	واسطے دمع چشم

نامہائے رب

رب آس	واسطے قے و اسہال
رب رمان	واسطے ہیضہ معدہ
رب لیموں	واسطے تقویت معدہ
رب شہتوت	واسطے بحتہ الصوت
رب ترنج	واسطے تپ صفرا
رب حصرم	واسطے قے صفراوی

نامہائے سفوف

سفوف سرطان	واسطے سل
سفوف نفث الدم	واسطے نفث الدم
سفوف مصطگی	واسطے اسہال معدہ
سفوف آملہ	واسطے ہاضمہ۔
سفوف کرفس	واسطے باد شکم
سفوف نانخواہ	واسطے درد معدہ
سفوف بزور	واسطے قبض معدہ
سفوف طباشیر	واسطے اسہال معدہ
سفوف ورد	واسطے ضعف اشتہاء
سفوف ہلیلہ زرد	واسطے ضعف معدہ مرطوب
سفوف تربد	مسہل اخلاط النزج۔
سفوف حب الرمان	واسطے اسہال مُراری۔
سفوف طین	واسطے اسہال خون۔
سفوف حجر الیہود	واسطے اخراج سنگ مثانہ
سفوف سورنجان	واسطے وجع المفاصل
سفوف تز کٹا	واسطے امراض بارد معدہ
سفوف انزری سیٹا	واسطے بواسیر ریحی
سفوف ہلیلہ سیاہ	واسطے اسہال معدہ
سفوف بادیاں	واسطے اسہال
سفوف گل دہاوہ	واسطے اسہال اطفال۔
سفوف کشنیز	واسطے اسہال دموی۔
سفوف ہاضمہ	واسطے ہاضمہ طعام
سفوف مسہل	مخرج مواد۔
سفوف بول	واسطے ادرار بول کے
سفوف مقلیاثا	واسطے اسہال صفرا

نام ہائے سکنجبین

سکنجبین بزوری گرم	واسطے امراض معدہ جگر و مثانہ
سکنجبین بزوری سرد	واسطے امراض جگر۔
سکنجبین ساذج	واسطے سوء القنیہ اور صفرا جگر
سکنجبین بزوری اصلی	جہت سوء القنیہ
سکنجبین بیونیدی	واسطے سدہ جگر حار و استسقاء
سکنجبین دیناری	واسطے امراض جگر۔
سکنجبین نانخواہ	واسطے ہاضمہ معدہ

سکنجبین بزوری	واسطے صفرائے جگر۔
سکنجبین سادہ	واسطے تیزی صفرا

ناموہائے شربت

شربت نارنج	تپ صفراوی کے واسطے
شربت گاؤزبان	واسطے خفقان سوداوی
شربت افسنتین	واسطے تپ کہنہ
شربت صندل	واسطے خفقان حار۔
شربت حب آلاس	واسطے اسہال خون۔
شربت انار ترش	واسطے اشتہا کے
شربت انار شیریں	واسطے ضعف جگر اور نزلہ گرم کے
شربت آلو	واسطے تپ دموی
شربت تمر ہندی	واسطے تپ صفراوی دموی
شربت زرورک	واسطے تقویت معدہ
شربت پودینہ	واسطے ہاضمہ کے
شربت آملہ	واسطے اشتہا کے
شربت عناب	واسطے جوشش خون
شربت بنفشہ	واسطے تپ صفراوی
شربت نیلوفر	واسطے حرارت تیز
شربت زوفا	واسطے سرفہ کے
شربت دینار	واسطے استسقا کے
شربت ورد	مخرج صفرا
شربت افتیمون	واسطے امراض سوداوی کے
شربت بزوری گرم	واسطے سدہ جگر
شربت بزوری سرد	واسطے سوانقینہ واستسقا حار کے
شربت شیر خشت	واسطے حمیات حار
شربت ترنجبین	واسطے تلیین طبع۔
شربت سپستان	واسطے یبوست امعاء۔
شربت تمر ہندی	واسطے حرارت جگر
شربت خشخاش	واسطے سرفہ زکامی کے۔
شربت اعجاز	واسطے سرفہ خشک وتر
شربت ہلیلہ	واسطے تلیین طبع کے
شربت شاہترہ	واسطے صفرا و سودا محترقہ
شربت ملین	واسطے تلیین طبع کے
شربت ریوند عصارا	واسطے سدہ جگر و استسقاء۔
شربت فنجنوش	واسطے سرعت انزال
شربت اصل السوس سادہ	واسطے بحۃ الصوت
شربت انجبار	واسطے اسہال دموی و نفث الدم
شربت ہندبا	واسطے سدہ جگر۔
شربت عسل	واسطے برودت معدہ و جگر۔

ناموہائے شیاف

شیاف ابیض	واسطے امراض حار چشم
شیاف اصفر	واسطے تاریکی چشم
شیاف احمر	واسطے غلظت چشم
شیاف اسود	واسطے غلظت چشم
شیاف بریوما	رمد کو ایکدم میں صاف کر دیتا ہے
شیاف اخضر	واسطے سبل و بیاض چشم
شیاف کافوری	واسطے رمد گرم چشم
شیاف ابار	واسطے قرحہ چشم
شیاف زنگاری	واسطے سبل و بیاض چشم
شیاف اقلیمیا	واسطے دمعہ چشم۔

شیاف مامیثا	واسطے سبل چشم
شیاف غرب	واسطے ناصور چشم

نامہائے ضماد

ضماد شعیر	واسطے ورم جگر۔
ضماد اشق	واسطے صلب الطحال
ضماد صندلین	واسطے حرارت اعضاء
ضماد مورد	واسطے اسہال اطفال
ضماد سداب	واسطے صلب الطحال
ضماد کادرس	واسطے قطع اسہال
ضماد قیروطی	واسطے ذات الجنب
ضماد حار	واسطے ورم بارد
ضماد بارد	واسطے ورم گرم
ضماد تار	واسطے ورم صلب کے۔

نامہائے عرق

عرق سونف	واسطے حرارت جگر
عرق کاسنی	واسطے حرارت جگر
عرق پودینہ	واسطے ہاضمہ
عرق گلاب	واسطے فرحت دل
عرق بیدمشک	مصفی حرارت
عرق اجواین	واسطے برودت معدہ
عرق گاؤزبان	واسطے فرحت دل
عرق عنب الثعلب	واسطے ورم جگر و معدہ
عرق اذخر	واسطے ورم باطن و درد مفاصل

نامہائے قرص

قرص کافور	واسطے تپ دق
قرص طباشیر	واسطے تپ صفراوی
قرص بنفشہ	واسطے سدد اور دوار
قرص ایلاوس	واسطے قولنج سخت
قرص عنبر	مقوی دل۔
قرص عودی	مقوی دل و جگر
قرص حب الآس	واسطے اسہال دموی
قرص کاکنج	واسطے ادرار بول۔
قرص گل	واسطے تلیین طبع۔
قرص مبارک	واسطے تپ محرقہ
قرص گلنار	واسطے نفث الدم
قرص کوکب الارض	واسطے قرحہ امعاء۔
قرص سرطان	واسطے سل۔
قرص خشخاش	واسطے زکام
قرص زعفران	مقوی اعضاء رئیس
قرص عشر الادویہ	واسطے تپ بلغمی
قرص منوم	واسطے سہر کے
قرص ریوند	واسطے استسقاء
قرص ترلہ بند	واسطے نزدل
قرص انجبار	واسطے افراط حیض

نامہائے کحل و لعوق

کحل الجواہر	واسطے ظلمت بصر
کحل روشنائی	واسطے شب کوری
لعوق سپستان	واسطے نفث الدم و سرفہ
لعوق زوفا	واسطے ضیق النفس
لعوق بادام	واسطے سرفہ خشک

لعوق طباشیر	واسطے سل و نفث الدم
لعوق رب السوس	واسطے سرفہ مزمن
لعوق خشخاش	واسطے نزلہ گرم
لعوق رمان	واسطے سرفہ و نزول گرم
لعوق بارد	واسطے امراض گرم سینہ
لعوق خیارشنبر	واسطے قبض شکم اطفال

نامہائے ماء

ماء اللحم	مقوی باہ
ماء القرع	واسطے تپ صفرا
ماء الجبن	واسطے امراض خفقان سوداوی و صفراوی
ماء الشعیر	واسطے امراض گرم
ماء الرمانین	صفرا کے واسطے۔

نامہائے مطبوخ

مطبوخ اصول بندو	واسطے سوء القنیہ بارد
مطبوخ زوفا	واسطے سرفہ
مطبوخ ہلیلہ زرد	مخرج صفرا
مطبوخ شاہترہ	مخرج صفرا محترقہ۔
مطبوخ افتیمون	مخرج سوداء۔

نامہائے معجون و مفرح

معجون فلاسفہ	واسطے تمام امراض بارد
معجون بقراط	واسطے قطع بلغم معدہ
معجون سقراط	واسطے جنون و خفقان
معجون جالینوس	واسطے امراض جگر۔
معجون سیسالیوس	واسطے صرع
معجون یونس	واسطے نسیان

معجون قیصر	واسطے فالج۔
معجون فولاد	مقوی جگر
معجون اسطو	واسطے درد شکم
معجون عقرب	مفتت حصات
معجون اذاراقی	واسطے سلسل بول
معجون خبث الحدید	مقوی اعضائے رئیس
معجون کمونی	واسطے قبض و ریح معدہ
معجون سورنجان	واسطے وجع المفاصل
معجون اربعہ	واسطے تپ ربع
معجون مسیحی	مقوی باہ
معجون نانخواہ	واسطے ہاضمہ۔
معجون انقردیا	واسطے فالج و لقوہ
معجون خیارشنبر	واسطے یبوست امعاء
معجون تربد	مسہل مخرج بلغم۔
معجون بنفشہ	واسطے تلیین طبع کے
معجون منتھی	واسطے اوجاع بارد۔
معجون ہلیلہ	واسطے استسقاء زقی۔
معجون انوشدارو	واسطے خفقان۔
معجون اثلوثیا	واسطے درد گردہ
معجون پودینہ	واسطے ہاضمہ طعام
معجون ورد	واسطے سوء القنیہ و استسقاء
معجون منقہ	واسطے درد سینہ
معجون سنائی	مخرج سوداء۔
معجون برشعشا	مقوی دماغ
معجون ید اللہ	مفتت حصات۔

معجون راحت	سریع الاثر واسطے قولنج
معجون مسہل	واسطے سدۂ بلغم
معجون سداب	واسطے استسقاء طبلی و باد غلیظ معدہ
معجون لبوب	مقوی باہ
معجون نجاح	واسطے تمام امراض بلغمی کے
معجون ریگ ماہی	مقوی باہ
معجون سنجرہنیا	واسطے ورم معدہ بارد
معجون کامرباج	واسطے ریح معدہ۔
معجون حب النیل	تقویہ بدن و معدہ
معجون حلتیت	واسطے تپ ربع
معجون کچلہ	واسطے قطع عادت افیون و فالج و نقرس و وجع المفاصل
معجون لوز	مقویات دماغ و جگر
معجون گلنار	واسطے زخم رودہ
معجون کاکنج	واسطے رودہ و گردہ
مفرح یاقوتی حار	واسطے خفقان بارد
مفرح یاقوتی بارد	واسطے خفقان حار
مفرح دلکشا حار	واسطے خفقان بارد
مفرح دلکشا بارد	واسطے خفقان گرم
مفرح جالینوس	واسطے خفقان

نامہائے مربہ

مربہ ہلیلہ	ملین طبع و مقوی معدہ
مربہ آملہ	ملین طبع، ہاضمہ
مربہ سیب	مقوی دل و جگر۔
مربہ بہی	مقوی دل و جگر
مربہ زنجبیل	واسطے برودت معدہ
مربہ گزر	مقوی باہ
مربہ آلو	دافع صفرا

نامہائے مراہم

مرہم رصاص	واسطے تحلیل اورام
مرہم مردہ سنگ	واسطے اندمال لحم
مرہم شحوم	واسطے ملین اعضا متورم
مرہم زنگاری	واسطے قرحہ مزمن کے
مرہم شنگرف	واسطے آتشک
مرہم جالینوس	واسطے اندمال جراحت
مرہم ابیض	واسطے حرق النار والتہاب زخم
مرہم اسود	واسطے قروح بارد۔
مرہم احمر	واسطے قروح گرم
مرہم اصفر	خورندہ گوشت فاسد
مرہم کافوری	واسطے سوختہ آتش و تشقق لب

نامہائے نقوع

نقوع حلو	واسطے حرارت جگر و دل
نقوع حامض	واسطے التہاب معدہ
نقوع ہلیلہ	مخرج صفرا
نقوع کشنیز	واسطے دوار و سدر
نقوع زرشک	واسطے حرارت جگر اور معدہ
نقوع آلو و املی	واسطے تپ مطبقہ اور حرارت
نقوع آملہ	واسطے ملین طبع اور یرقان
نقوع انار دانہ	واسطے یرقان
نقوع عناب	مطفی حرارت و جوش خون

نقوع کاسنی نقوع ترشہ	مطفی حرارت جگر واسطے امراض سودا محترقہ وطحال وغیرہ
نقوع بہدانہ نقوع مسہل نقوع بذوری	مطفی حرارت مخرج صفرا و سودا واسطے حرارت گردہ و مثانہ

فصل سوم دربیان شناخت طریق استعمال استفراغ فصد و مسہل و ملین و قے

جاننا چاہیے کہ استفراغ خون کا فصد ہی اس کو استفراغ کلی کہتے ہیں کہ اسمیں ہر ایک خلط خون سے ملی ہوئی نکلتی ہے پہلے بارہ برس کی عمر سے فصد منع ہے اور اُسکے بعد آخر عمر تک روا ہے بشرطیکہ وہ مانع امر نہو طاقت اور موسم اور وقت کا فصد میں لحاظ رکھنا جائز ہے سینگی لگانی بعد ساٹھ برس کے بالکل منع ہی اور استفراغ اخلاط ثلاثہ کا مسہل ہے استعمال منضج کا قبل مسہل واجب ہے جب آثار نضج قوام قارورہ میں معلوم ہوں تب مسہل دیویں یعنی قوام قارورہ کا معتدل ہوجاوے طبیبوں نے لکھا ہے صفرا تین روز میں پکتا ہے اور بلغم نو روز میں اور سودا پندرہ روز میں اور کبھی اتفاقاً کم و بیش روز میں بھی نضج پاتی ہیں اور یہ بھی معلوم رہے کہ کم و بیش کرنا وزن دوا کا موقوف رائے طبیب پر ہی جس طور طاقت ضعیف اور قوی اور طبع و مزاج بیمار کی معلوم کرلے اور اسی مقدار دوا کرنا مناسب ہے منضج

صفرا **مع مسہل** بنفشہ نیلوفر گلسرخ ہر ایک دو دو درم تخم کاسنی نیکوفتہ تین درم عناب سات دانہ آلوبخارا دس دانہ سپستان بیس دانہ سب دوا کو رات کے وقت ایک پیالہ پانی میں بھگو دیویں اور صبح کو جوش دیکر صاف کریں اور قند سفید یا ترنجبین دس درم ڈالکر پلا دیں بعد تین روز کے مسہل کریں اس طرح جو کل اجزا ادویہ دو چند کرکے سنا مکی ایک درم اور مغز فلوس پندرہ درم اضافہ کرکے مسہل کریں اور عوض قند سفید ترنجبین یا شیر خشت داخل کریں تو جائز ہے **منضج بلغم** بادیان انیسون اصل السوس تخم کرفس ہر ایک پانچ ماشہ پرسیاوشاں چھ ماشہ مویز منقی سات دانہ انجیر دو دانہ گلقند عسلی چار تولہ جوشاندہ کرکے پلا دیں بعد نضج کے مسہل دیویں **مسہل بلغم** جوشاندہ زوفائے خشک نیلوفر بنفشہ پرسیاوشاں رازیانہ انیسون اصل السوس ہر ایک تین درم مویز منقی پندرہ دانہ انجیر سات دانہ عناب سپستان ہر ایک بیس دانہ تربد سفید ایک درم سنا مکی دو درم گلقند عسلی دس درم مغز فلوس اور قند سفید دس دس درم حل کرکے اور روغن بادام ایک درم ڈال کر پلا دیں۔ **مسہل بلغم سفوف** تربد سفید تین درم زنجبیل ایک درم مصطکی نیم درم۔ ادویہ کوٹ چھان کر روغن

بادام میں چرب کرکے گرم پانی کے ساتھ پھکادے۔ **منضج سودا بعدہ مسہل**۔
گاؤزبان۔ بادرنجبویہ۔ سہی۔ پرسیاوشاں اسطوخودوس شاہترہ بادیان۔ انیسون
ہرایک تین درم۔ عناب دس دانہ۔ سپستان بیس دانہ۔ انجیر دودانہ۔ سب دوا جولایق
کوٹنے کے ہو کوٹ کر رات کو ایک پیالہ پانی میں بھگو دیویں اور صبحکو جوش دیکر صاف
کریں اور قند سفید دس درم ملاکر پلادیں بعد نضج کے یعنے پک جانے خلط کے تخم کشوث
تین درم سنا مکی چار درم داخل ادویہ مذکور کریں اور مغز فلوس پندراں درم حل کرکے
قند سفید یا ترنجبین یا شیرخشت دس درم روغن بادام پانچ درم اضافہ کرکے پلادیں
مسہل مرکب۔ پوست ہلیلہ زرد چھ درم عناب نو دانہ آلو سیاہ پندراں دانہ انجیر
دو دانہ سپستان بیس دانہ تخم کاسنی نیم کوفتہ شاہترہ سنا مکی تخم کشوث ہر ایک ایک درم مغز فلوس
دس درم شیرخشت یا ترنجبین یا قند سفید دس درم حل کرکے روغن ایک درم اضافہ
کرکے پلادیں۔ **ملین مبارک** شیرخشت یا ترنجبین بیس درم ایک رطل عرق گلاب خالص
میں حل کرکے ملادیں۔ **ملین نقوع**۔ بنفشہ تخم کاسنی نیم کوفتہ عنب الثعلب ہر ایک
تین درم۔ تمرہندی پانچ درم عناب بیس دانہ سپستان تیس دانہ آلو سیاہ پندراں دانہ
رات کیوقت پانی شیریں میں نقوع کریں صبحکو صاف کرکے مغز فلوس پندراں درم شیرخشت
یا ترنجبین دس درم حل کرکے پلادیں۔ **ملین مرکب** جوشاندہ ملٹھی انیسون سونف
گاؤزبان بنفشہ کاسنی۔ عنب الثعلب ہر ایک تین درم عناب بیس دانہ مویز پندراں دانہ انجیر
پانچدانہ آلو سیاہ پندراں دانہ تمرہندی پانچدرم سب کو جوش دیویں اور صاف کرکے یا قند
سفید دس درم یا شیرخشت یا ترنجبین دس درم اور مغز فلوس پندراں درم حل کرکے
پلادیں اور مریض کو سرفہ ہو تو ترش دوا موقوف رکھیں۔ **ملین گھوٹہ** تخم کاسنی گلسرخ
بنفشہ مغز تخم کدو ہر ایک تین درم پانی میں خوب گھوٹ کر صاف کریں اور مغز فلوس
دس درم شیرخشت یا ترنجبین یا قند سفید دس درم اضافہ کرکے پلادیں **طریق قے**
صفرا کو خارج کرتے ہیں۔ **سکنجبین** عسلی پانچ تولہ نمک ایک ماشہ آب گرم
دو رطل ملاکر پلادیں۔ **نوع دیگر مقئ مرکب** تخم ترب و تخم شبت ہر ایک
تین درم نیم کوب جو شاکر سکنجبین عسلی دس مثقال آب نیم گرم جوشاندہ
مذکورہ ملادیں۔ **نوع دیگر سفوف مقئ** ۔ جوز القی یعنے مین پھل کوٹ چھان کر

ایک کف گرم پانی کے ساتھ پھکادیں اور امداد گرم پانی کی کریں تاکہ قے آسانی سے آوے انشاءاللہ تعالےٰ قے بے تکلف آویگی *

فصل چہارم دربیان شناخت اقسام ترکیبات ادویات ازقرابادین قادری

بترتیب حروف تہجی

ترکیب ایارج فیقرا۔ واسطے امراض معدہ بارد کے مفید ہے سنبل سیٹھ دارچینی حب بلسان عود بلسان مصطگی اسارون زعفران صبر سقوطری ہرایک ہموزن کوٹ کردو چند شہد کف گرفتہ میں ملاکر ایک مثقال سے دومثقال تک ہرروز کھاویں۔ ترکیب اطریفل صغیر۔ واسطے ضعف اور امراض معدہ کے نہایت مجرب ہے پوست ہلیلہ کابلی۔ ہلیلہ زنگ۔ بلیلہ آملہ مقشر ہرایک تین درم سب دوا کوٹ چھان کردو چند شہد میں ملادیں دو مثقال سے تین مثقال تک ہرروز کھاویں۔ ترکیب اطریفل زمانی۔ واسطے امراض دماغی نزلہ و معدہ بلغمی کی نہایت لاثانی ہے اور تنقیہ دماغ و مسہل اخلاط ثلثہ کا ہے مداومت اسکی قاطع نزلہ ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ گل بنفشہ محمودہ مشوی ہرایک دس مثقال تربد سفید کشنیز ہرایک بیس مثقال پوست ہلیلہ آملہ مقشر گل نیلوفر گلسرخ طباشیر۔ ہرایک پانچ مثقال صندل سفید کتیرا ہرایک تین مثقال۔ روغن بادام شیریں تیس مثقال سب دوا کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کریں عناب و سپستان ہرایک سو عدد گل بنفشہ دو مثقال یہ تین دوا جوشا کر صاف کریں ہموزن ادویہ شہد کف گرفتہ اور ڈیڑھ وزن شیرہ ہلیلہ یہ دونو قوام کرکے کل ادویہ اس میں ملاویں۔ مشک چھ رتی ورق نقرہ پچاس عدد ورق طلا بیس عدد ملاکر رکھیں۔ وزن اس کا واسطے اسہال کے چار مثقال سے چھ مثقال تک اور واسطے مداومت کے ایک مثقال سے دو مثقال تک ہے۔ ترکیب اطریفل مقل۔ واسطے بواسیر بادی کے مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد و کابلی و زنگ ہلیلہ دس دس درم پوست بلیلہ آملہ مقشر ہرایک دس دس درم مقل ازرق تیس درم آب گندنا میں حل کریں۔ کل ادویہ سہ چند مقوم میں ملاکر تین مثقال تک کھاویں

ترکیب آب زن واسطے کل امراض معدہ اور مثانہ کے مجرب ہے۔ بنفشہ
گاؤزبان۔ گلسرخ۔ برگ بید نیلوفر۔ گل خطمی کشک جو بقدر حاجت لے کر بڑی فراخ
دیگ میں جوش دیں۔ اور صاف کرکے نیم گرم آب میں مریض کو گلوں تک بٹھاویں
ترکیب انکباب۔ یعنی بھانس واسطے وجع المفاصل بارد کے نہائیت
مجرب ہے برگ بابونہ و برگ حرمل و برگ بید انجیر برگ کنڈیاری و برگ سوہانجنہ
برگ دھاتورہ برگ مدار جو ان میں سے موجود ہو جاوے جوش دیکر بھانس دیوے۔
انکباب دیگر واسطے درد رحم اور بندش ریح کے نہایت مفید ہے کشنیز عنب الثعلب
افتیمون برگ حنا بقدر حاجت لے کر جوش دیں۔ اور بھانس دیوے۔
ترکیب برود احمر واسطے خارش چشم کے مفید ہے۔ شادنج دس درم
سوختہ پانچ درم مروارید ناسفتہ ایک مثقال نبات ایک درم خوب کھرل کرکے
ریشمی کپڑے میں چھان کر استعمال کریں ترکیب بخور باد فرنگ رسکپور
شنگرف۔ نیلہ تھوتھہ۔ عاقرقرحا اجوائن خراسانی رال ہر ایک پانچ ماشہ سب دوا
کوٹ کر ایک تولہ موم سفید میں ملا کر بقدر کنار کے باندھ کر دھوپ دیویں۔
ترکیب پاشویہ۔ واسطے بخار دماغ کے نہایت مفید ہے۔ بنفشہ گل خطمی سبوس
ہر ایک بقدر حاجت لے کر جوشا دیں اور صاف کرکے پاشویہ کریں پاشویہ ورم
پا سے واسطے سوج پاؤں کے مفید ہے۔ عنب الثعلب کشنیز افتیمون برگ حنا
کشک جو جو ان میں سے حاصل ہو جاوے۔ لیکر جوشا دیں بطریق معروف پاشویہ
کریں۔ ترکیب پچکاری قرحہ قضیب۔ پھٹکری سفید ایک جز نیلہ تھوتھہ
ربع جز حنا پانی میں گھول کر دو تین دفعہ ہر روز پچکاری کرتے رہیں۔ یا فقط ماء العسل
قدرے انزروت سے ملا کر پچکاری کریں یا شیاف ابیض عورت کے دودھ میں گھس کر
نیائزہ میں ٹپکاویں بعد صاف ہو جانے قرحہ قضیب کے روغن بادام سوراخ
قضیب میں قطرہ قطرہ ٹپکاویں۔ ترکیب تریاق اربعہ واسطے کل امراض مزمنہ
بارد و معدہ کے مفید ہے۔ جنطیانا رومی حب الغار مر کی زرآوند طویل ہر ایک چار مثقال
ادویہ کوٹ چھان کر دوچند عسل کف گرفتہ میں ملا کر ایک مثقال سے دو مثقال تک
ہر روز کھاویں۔ ترکیب تدہین۔ واسطے نرم کرنے ورم درد

کرنے اعضاؤں کے نہایت مفید ہے روغن بنفشہ یا روغن بادام یا روغن خشخاش یا
روغن گل یا روغن بابونہ یا روغن قسط یا روغن بید انجیر یا روغن حنا یا روغن حرمل
یا روغن اوراق وغیرہ کی مالش کریں۔ ترکیب **تمریخ** واسطے بخار بدن صفرا اور سودا
کے نہایت مفید ہے۔ ماء الجبن یا آب کدوی شیریں یا ماء الهندبا یا صندل اور کافور ملا کر
تمریخ کریں یا آب کاہو یا آب انار شیریں۔ ترکیب **جوارش کمونی**۔ واسطے ریح معدہ
کے لاثانی ہے زیرہ سیاہ مدبر پچاس درم فلفل سیاہ پندرہ درم بورہ ارمنی پانچ درم
زنجبیل بیس درم سداب بیس درم ادویہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں ملا کر دو مثقال
سے چار مثقال تک کھاویں۔ ترکیب **جوارش فنجنوش** واسطے
قوت معدہ اور قوت باہ اور قوت جگر اور سرعت انزال کے مجرب ہے۔ ہلیلہ بلیلہ آملہ
فلفل دراز زنجبیل سعد شیطرج سنبل ہر ایک دو درم تخم شبت تخم مغز کدو
ہر ایک چار درم خبث الحدید مدبر ایک سو درم مشک دو درم سب دوا کوٹ چھان کر
شہد بقدر حاجت ملا کر ایک درم سے دو درم تک ہر روز کھاویں۔
ترکیب **حب ایارج**۔ تنقیہ بدن اور دماغ کے واسطے مجرب ہے تربد سفید
حب النیل ہر ایک چار درم انیسون غاریقون سورنجان شبم ریں شحم حنظل
سقمونیا مشوی ہر ایک دو درم سب دوا کوٹ چھان کر بادیان کے پانی میں حب
بقدر نخود کے بنا کر ایک مثقال سے دو مثقال تک ہمراہ آب گرم کے کھاویں۔
ترکیب **حب صبر**۔ ایلوا چھ درم۔ مصطگی چار ماشہ پوست ہلیلہ زرد شحم حنظل
ہر ایک چار ماشے گلسرخ کتیرا اسفید گوگل ہر ایک دو ماشہ تربد سفید تراشیدہ دس
درم سونف کے پانی میں حب بقدر نخود کے بناویں بیس حب صبح اور بیس شام
ہمراہ آب گرم کے کھاویں۔ ترکیب **حب السعال** واسطے سرفہ گرم کے نہایت
مفید ہے صمغ عربی نشاستہ رب السوس تخم خشخاش کتیرا۔ مویز منقی۔ ملیٹھی ہر ایک
تین درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک دو درم عسل بقدر حاجت لیکر حب بقدر
کنار کے بناویں اور وقت سونے کے ایک حب منہ میں رکھیں۔ ترکیب
حب ہزاری کبیر۔ واسطے وجع المفاصل اور نقرس اور فالج۔ رعشہ
لقوہ۔ وغیرہ کے نہایت مجرب ہے افیون بچھناگ شنگرف قرنفل جوزبویہ

فلفل گرد فلفل دراز سماق سوہاگہ سیماب آملہ ہڑتال ہر ایک ایک درم اول سیماب آملہ سار ہڑتال کو کھرل کرکے بعد اسکے سب دوا کوٹ چھان کر ملادیں اور اور اک کے پانی میں کھرل کرکے حب بقدر موٹھ کے تیار کریں۔ ایک گولی ہمراہ آب گرم کے کھاویں۔ ترکیب **حب ہزاری صغیر**۔ افیون سنٹھا تیلیہ شنگرف مرچ سیاہ ہر ایک نیم درم لیکر کوٹ کر باریک کریں اور اور اک کے پانی میں کھرل کرکے گولی بقدر موٹھ کے باندھیں ایک حب ہمراہ آب گرم کے کھاویں۔ ترکیب **حب شفاء**۔ واسطے درد سینہ۔ کہنہ گرم اور سرد کے نافع ہے اور بیماریاں گرم اور سرد تپ کہنہ و نائبہ وغیرہ کو مفید ہے اور نیز عادت افیون کو بھی نافع ہے تخم جوز الماثل بارہ درم ریوند چینی ہشت درم زنجبیل صمغ عربی ہر ایک چار درم صمغ عربی کو پانی میں حل کریں اور کل ادویہ کوٹ چھان کر ملادیں اور بقدر نخود کے حب بناکر کھاویں۔ ترکیب **حب گھوڑ چیڑے**۔ واسطے کل امراض بلغمی کے مفید ہے۔ اور مسہل خاص بلغم کا ہے پوست ہلیلہ زرد بلیلہ و آملہ و ہلیلہ سیاہ و ہلیلہ کابلی سوہاگہ سعد فلفل گرد فلفل دراز تربد سفید ریوند چینی عاقرقرحا میدہ مہامیدہ چترک زنجبیل نمک لاہوری ہر ایک تولہ سیماب مصفی گندھک مغسول ہر ایک تین تولہ اول گندھک سیماب اور ہڑتال کو کھرل کریں پھر تمام ادویہ کوٹ چھانکر ملادیں اور حب السلاطین مدبر آٹھ تولہ سب میں داخل کرکے بھنگرہ کے پانی میں تین روز تک کھرل کریں اور حب بقدر دانہ ماش کے بناکر استعمال کریں ایک حب ایک اسہال لاتی ہے جتنے اسہال کی ضرورت ہو اتنی حب کھاویں۔ ترکیب **حب نمک** واسطے ہاضمہ کے مفید ہے۔ نمک سانبری نمک اندرانی نمک سیاہ نمک نفطی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ مقشر الاچی دانہ سونف اجوائن پودنہ ہر ایک ایک تولہ زیرہ سیاہ سفید زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز گلسرخ شیطرج نوشادر سنا مکی دارچینی ہر ایک دو تولہ ہنگ بریان دو ماشہ چوبیس عدد لیموں کے پانی میں کھرل کریں بیر کے برابر گولیاں بناکر ایک گولی ہر روز کھایا کریں۔ ترکیب **حب ممسک** افیون جوز بویہ قرنفل زعفران فلفل سیاہ زنجبیل قرفہ ہر ایک نیم درم شہد کف گرفتہ بقدر حاجت لیکر حب بقدر ایک سرخ کے بناویں اور وقت حاجت کے موافق قوت کے کھلاویں۔ ترکیب **حب آتشک**۔ رس کپور۔ چوک جیپال ہر ایک ماشہ۔ سنگرف

چار ماشہ سیر پختہ شیر مادہ گاؤ میں پوٹلی باندھ کر پکاویں۔ جب دودھ خشک ہو جاوے
پوٹلی لٹکے ہوئے باہر لاویں حب الملوک کو روغن زرد میں بریان کریں اور پھر سب
ادویہ کو آپس میں ملا کر کھرل کریں اور حب بقدر نخود کے بنا دیں چار حب بقدر حاجت
کے آب گرم لے کر کھا دیں۔ آتشک والے کو ایک مہینہ میں تین دفعہ کھلا دیں
ایضاً۔ اجواین خراسانی اجواین دل اجواین شنگرف ہر ایک تین ماشے
سیماب دو ماشے رس کپور دو ماشے۔ مرچ سیاہ پانچ ماشے۔ زعفران ایک ماشہ
ادویہ باریک کرکے ادرک کے پانی میں کھرل کریں حب بقدر نخود کے باندھکر
ایک گولی ہر روز کھاویں۔ بعد منہ آجانے کے موقوف رکھیں۔ **ایضاً**
سم الفار۔ دال چکنہ۔ رس کپور۔ شنگرف۔ ہر ایک ایک تولہ توتیا سبز چھ
ماشہ سب ادویہ کو باریک پیس کر دو پیالے گلے میں ڈال کر بڑی لکڑی
جلا کر جوہر اس کا لیویں۔ جو اصل شے پیالہ میں جاوے گی اُس کو اُتار کر
ایک بکری کی نلی کی ہڈی میں گودہ نکال کر بھر دیویں اور ہڈی کا سوراخ
اچھی طرح سے بند کرکے نیم سیر پانی میں جوش دیویں۔ جب پانی جل جاوے
تو اُسے نکال کر اس میں ایک بیضہ مرغ کی زردی ملا دیں تو پھر اس کو
بیضہ کے خول میں بھر دیں۔ بیضہ کا سوراخ اول آٹے سے بند کریں۔
بعد گلحکمت کرکے تنور کی آگ میں دبا دیویں۔ بعد پختگی کے نکال کر چوتھائی
سُرخ کے حب بنا کر ایک ہفتہ تک مکھن یا ملائی کیتھ کھا دیں۔ **ترکیب حب سورنجان** واسطے
وجع المفاصل اور درد اعضاؤں کہ مفید ہے صبر سقوطرے ماہیزہرج ہر ایک ایک درم سورنجان
شیریں تربد سفید ہر ایک ڈیڑھ درم حب النیل نیم درم کتیرا ایک دانگ شحم حنظل ڈیڑھ دانگ
حب بقدر تین درم بنا کر ہمراہ آب گرم کے کھلا دیں اور بیماری قوی پر کل ادویہ کی ایک خوراک ہے
ترکیب حب شبیار۔ منقی دماغ ایلوا مصطگی نسوت غاریقون نمک سنگ انیسون
بقدر ضرورت لیکر کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنا کر وقت سونے کے
ایک گولی ہمراہ آب گرم کے کھا دیں۔ **ترکیب حب غاریقون** منقی دماغ
غاریقون رب السوس ہر ایک تین درم تربد سفید پانچدرم ایارج فیقرا شحم حنظل
انزروت ہر ایک دو درم کوٹ چھان کر خالص پانی میں گولیاں بقدر نخود کے

باندھ کر دو درم تک خوراک کریں۔ ترکیب حب ریوند واسطے استسقاکے مجرب ہے
ریوند نیم درم غاریقون ایک درم تربد سفید دو درم زراوند مدحرج دو دانگ انیسون ایک
دانگ مقل نیم درم کوٹ چھان کر حب آب سونف میں بناویں کل ادویہ دو خوراک ہے
ترکیب حب بناوق بزوری واسطے امراض گردہ مثانہ کے مجرب ہے۔ مغز تخم خربزہ
دس درم مغز خیارین پانچ درم مغز تخم کدو خطمی بذر البنج تخم خرفہ۔ مغز بادام۔
نشاستہ رب السوس خشخاش سفید ہر ایک دو درم لعاب اسبغول میں
حب بنادیں۔ اور وقت استعمال کے گل ارمنی ملادیں۔ اور ہمراہ شربت
بزوری کے کھاویں۔ ترکیب حقنہ ملین۔ روغن کنجد بیدانجیر ہر ایک
دو تولہ قدرے صابون آب گرم میں ملاکر حقنہ بطریق معروف کریں۔ ترکیب
حقنہ قولنج۔ سنائے پانچ مثقال گاؤزبان انیسون بسفائج ہر ایک
پانچ ماشے بابونہ سبوس گندم گل خطمی ہر ایک ایک کف۔ گل سرخ بارہ
درم روغن گل روغن زیت آب کامہ آب چقندر ہر ایک دس مثقال بورہ
ارمنی نیم درم ادویہ جوشادیں روغنات اور آب کامہ اور آب چقندر بورہ ارمنی
ملاکر بطریق معروف حقنہ کریں وزن آب حقنہ پچاس مثقال تک ہے۔ ترکیب
حریرہ خشخاش تخم خشخاش۔ مغز بادام چہار مغز ہر ایک چار درم سبوس گندم
سات درم قند سفید تین تولہ ادویہ گھوٹ کر شیرہ نکال کر سبوس اور قند سفید ملاکر
جوشادیں جب چوتھائی رہ جاوے صاف کریں اور پلاویں۔ ترکیب خضاب
وسمہ چالیس درم حنا پانچ درم خوب باریک کرکے گل روغن اُس میں چرب کریں
آب گرم اُسمیں ڈال کر رات کو لگاویں اور صبح کو دھو ڈالیں ترکیب خضاب نایاب
سیاہ بھنگرہ ۱۰ تولہ ماجو پھل ۱۰ تولہ زنگ ہریرہ ۲ تولہ۔ سنگ راسخ ۵ تولہ۔ مرداسنگ ۱۰ تولہ
نشادر تولہ۔ لونگ تولہ۔ نیلہ تھوتھہ تولہ۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ کاہی زرد ۴ تولہ
آملہ ۲ تولہ۔ تیل کڑوا ۵ تولہ۔ اول ماجو پھل اور زنگ ہڑیرہ کو پیس کر تیل میں گرم کرکے
پکادیں بعدہ سرد کرکے چھان لیں۔ باقی کی تمام چیزیں خوب باریک مثل سفوف
کرکے اسمیں ملادیں ۴ ماشہ کی ایک ایک پوڑیا بنا کر رکھ چھوڑیں جب ضرورت پڑے پانیمیں
بھگو کر اور چھان کر لگاویں عرصہ تک بال سفید نہونگے اسطور پر لگادیں کہ کھنگی اس

میں ڈبو کر بالوں پر لگادیں چند منٹ کپڑے سے بالوں کو باندھیں ۱۵ منٹ میں تمام بال سیاہ
ہوجاوینگے۔ **ترکیب دواء المشک حار**۔ واسطے خفقان اور مالیخولیا بارد کے مفید
ہے۔ زرنباد درونج عقربی مروارید ناسفتہ کہربا بسد ہر ایک دس درم ابریشم خام بہمن سُرخ
بہمن سفید سنبل الطیب دانہ الاچی خورد و کلاں ہر ایک پانچ درم۔ اشنہ زنجبیل دار فلفل
ہر ایک چار درم مشک دو درم سب دوا کوٹ چھان کر شہد میں ملا دیں اور موافق
قوت کے کھادیں۔ **ترکیب دوائی چشم**۔ کل امراض آنکھ کو زائل کرتی ہے
زبد البحر سفیدہ کاشغری سونا مکھی نمک کچ یعنے کچلون زنگار سرمہ سفید مصبر
بورہ ارمنی پوست ہلیلہ زرد سوچی چینی ہر ایک ایک درم اقلیمیا نقرہ ماميثا اقاقیا
پھٹکڑی سفید و سوختہ جست سوختہ کانسی پرورده ہر ایک دو درم زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز
ہر ایک دو سُرخ سب دوا کو چھان کر برگ حنا ایک تولہ رسوت چھ ماشے کو کنار پانچ عدد
یہ تین دوارات کے وقت پانی میں تر کریں اور صبح کو صاف کر کے اُسکے پانی میں سب
دوا کو تین روز تک کھرل کر کے مثل سرمہ کے خشک کریں اور آنکھ میں کھنچیں
ترکیب داغ دوا۔ واسطے گرہ ریح اعضاؤں کے لاثانی ہے دانہ حب الملوک
نیم دانہ میٹھا تیلیہ ایک ماشہ دونو کو گائے کے بول میں گھسکر عضو ماؤف پر پچھ
لگا کر دوا مذکور کاغذ سے آلودہ کر کے اُس کے اوپر رکھیں اور تین چار روز تک اُس پر
بول گائے یا تھوک لگاتے رہیں جب خوب پک جاوے پھر کاغذی روغن زرد سوختہ
سے نرم کر کے اتار دیں اور ہر روز اس زخم پر ایک دو کاغذی روغن زرد سوختہ کی
لگاتے رہیں پھر وہ داغ اچھا ہو جاویگا۔ اور ریح بستہ دفع ہو جاویگی **ترکیب**
ذرور ابیض۔ واسطے سبل اور رمد کے مفید ہے اقلیمیہ نقرہ افیون صمغ عربی
ہر ایک ایک درم سپیدہ ارزیز تین درم انزروت نیم درم مس سوختہ دو دانگ
شادنج مغسول چار دانگ زعفران چھ سُرخ سب دوا خوب باریک کر کے ریشمی
کپڑے میں چھان کر استعمال کریں۔ **ترکیب روغن اوراق**۔ واسطے درد
اعضاؤں کے مفید ہے۔ برگ بابونہ برگ حرمل برگ گنڈیاری برگ بید انجیر
برگ دھتورہ برگ سوہانجنہ برگ سبنھالو برگ مدار ہر سہ اجواین قسط سب دوا بقدر
حاجت کے لیکر جوشادیں پھر صاف کر کے روغن کنجد ملا کر پھر آگ پر [illegible] پانی

تمام سوختہ ہوجاوے باقی روغن رہ جاوے گا بوقت ضرورت کے مالش کریں نہایت مجرب ہے۔ **ترکیب رب انار شیریں**۔ واسطے حرارت جگر کے نہایت مجرب ہے آب انار دو سیر پختہ مصری سفید نیم سیر پختہ قلعیدار برتن میں جوش دیکر قوام غلیظ کریں اور وقت حاجت بکار لادیں۔ **ترکیب زرعونی مقوی باہ**۔ تخم کرفس تخم کدو تخم شلغم تخم شبت بادرنجبویہ مغز تخم خربوزہ رازیانہ مغز تخم بادرنگ بیخ کرفس ہر ایک پانچ مثقال عاقرقرحا قرفہ زعفران مصطگی عود خام ہر ایک پانچ درم بسباسہ قرنفل کبابہ فلفلموبہ ہر ایک تین درم عنبر اشہب ایک مثقال ادویہ کوٹ چھان کر عسل سہ چند میں ملا کر دو مہینہ کے بعد استعمال کریں خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک ہر روز کھایا کریں۔ **ترکیب سفوف ہاضمہ**۔ ترپھلہ چار تولہ ترکٹہ دو تولہ دارچینی زیرہ سفید پودینہ سونف ہر ایک تولہ گلسرخ دو تولہ نمک سونچر تولہ الائچید ۲ چھ ماشے انار دانہ چار تولہ سب دوا کوٹ چھان کر سفوف بنا کر ہر روز کھاویں **ترکیب سفوف حجر الیہود**۔ واسطے امراض گردہ و مثانہ کے مجرب ہے تخم خربوزہ تخم خیارین خرفہ ہر ایک پانچدرم تخم کدو تین درم نشاستہ کتیرا گلکھٹی ہر ایک ایک درم قند سفید برابر ادویہ سب کوٹ چھان کر سفوف بنا کر بقدر تین درم آب نخود کیساتھ پکادیں **ترکیب سفوف مسہل**۔ تربد سفید تین درم زنجبیل ایک درم مصطگی نیمدرم روغن بادام میں چرب کرکے گرم پانی کے ساتھ پھکادیں۔ **ترکیب سفوف سرطان** تپ دق اور سل کہنہ کو مفید ہے۔ کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز بادام شیریں مغز تخم کدو طباشیر گلنار گل ارمنی رب السوس سرطان سوختہ پوست خشخاش سفید مساوی الوزن سفوف کرکے ہمچندان نبات سفید ملادیں بقدر ضرورت دو ماشے یا تین ماشے کے استعمال کریں۔ **ترکیب سفوف مسہل**۔ برگ سنا مکی گلسرخ پوست ہلیلہ زرد تربد سفید حب النیل سورنجان شیریں شحم حنظل۔ سقمونیا۔ مشوی نمک سنگ مصبر ایارج فیقرا مقل ازرق۔ زنجبیل مساوی الوزن سفوف کرکے ایک تولہ گرم پانی کے ساتھ پھکادیں۔ **ترکیب سفوف اندری چھاڑ**

شورہ قلمی ڈیڑھ تولہ جوکھار تولہ ریوندچینی ایک درم زیرہ سفید دو تولہ۔ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بناویں ادرکی لسی کے ساتھ پھکاویں بعد اسکے ططہ ملاحظہ

بہت سی پیویں تاکہ بول بہت آوے۔ ترکیب سفوف اسہال کیواسطے
زیرہ سفید بل کتھ ہلیلہ سیاہ گل انار گل دھاوہ مصطگی پوست بلیلہ سب دواہموزن کوٹ
چھانکر ہمراہ آب قنب یعنی بھنگ کے کھاویں۔ ترکیب سفوف وجع المفاصل
تربد سفید سورنجان شیریں ہر ایک چار تولہ مقل ازرق مال کنگنی ہر ایک تولہ شحم حنظل ود
عود مصبر عاقرقرحا جند بیدستر زنجبیل قرنفل ہر ایک دو درم سفوف بناویں اور روغن بادام سے
چرب کریں اور گرم پانی کے ساتھ پھکاویں۔ ترکیب سفوف قیام کبدی
کے واسطے مفید ہے۔ اسبغول تخم بارتنگ خرفہ مقشر بنفشہ تخم خبازی مقشر ہر ایک ایک
درم نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو درم۔ گل ارمنی ڈیڑھ درم سوا اسبغول اور بارتنگ
سب دوا کوٹ کر آپس میں ملالیں۔ کل ادویہ میں سے قدرے گرم پانی میں
لت کریں اور صاف کر کے قدرے روغن بادام ڈال کر پلاویں۔ سفوف
مقوی معدہ۔ عود قرنفل مصطگی پودنہ ہر ایک دو درم ایک درم
ہر روز دس درم گلقند کے ساتھ ملا کر کھاویں۔ ترکیب سفوف
مقلیاثا واسطے اسہال خون کے مفید ہے اسبغول بیس درم تخم کنوچہ تخم
بارتنگ۔ صمغ عربی۔ گل ارمنی۔ تخم خشخاش ہر ایک پندراں درم تخم حماض خرفہ
نشاستہ ہر ایک سات درم تخم کے اقسام کو بھون لیں اور چار تخم کے سوا سب دوا کوٹ کر
آپسمیں ملاویں اور سرد پانی کے ساتھ پھکاویں۔ ترکیب سفوف طحال
واسطے طحال کے مجرب ہے۔ نوشادر سوہاگہ شورہ قلمی جوکھار نمک سونچر ہر ایک
پانچ درم پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ آملہ انار دانہ زیرہ سفید و سیاہ پودنہ ہر ایک
دس درم مرچ سیاہ تین درم سب دوا کوٹ کر سفوف بناویں۔ ساتھ عرق
لیموں وجاموں اور انار ترش کے جو ایک سیر نچتہ لے کر ترشہ بنا یا ہوا
ہو۔ قدرے لے کر اول پھکاویں۔ اور عقب اُسکے پلاویں۔ ترکیب واسطے
استسقا طبلی کے۔ اور ضعف کبد کے بھی مفید ہے جوکھار نوشادر مرچ
سیاہ مساوی الوزن لیکر سفوف بنا کر چھ ماشے ہر روز ساتھ ترشہ کے کھاویں
ترشہ یہ ہے گل دھاوہ برادہ حدید یا خبث الحدید مدبر چار تولہ پوست مغیلاں سولہ تولہ
چونہ آب نرسیدہ چار تولہ آب شیریں دہ سیر نچتہ بعد سات روز کے قریب

دو تولہ کے عقب سفوف کے پلادیں۔ **ترکیب سکنجبین بزوری گرم**۔ تخم کشوث تخم کرفس تخم کاسنی انیسون بادیان بیخ بادیان بیخ کرفس ہر ایک پانچدرم سرکہ ڈیڑھ رطل میں تر کریں اور پانی دو او قیہ ڈال کر جوشادیں اور صاف کریں قند سفید پانچ رطل ڈال کر پکادیں۔ **ترکیب سکنجبین بزوری سرد** مفتح سدہ جگر مدر بول دافع استسقا اور یرقان اور تپ صفرا کا ہے۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ ہر ایک پانچ تولہ کاسنی سات تولہ نیم کوفتہ ہشت چند پانی میں جوشاکر صاف کریں چہار چند ادویہ سے سرکہ اور دو چند سرکہ سے شکر سفید ملا کر قوام کریں۔ **ترکیب سکنجبین بزوری اصولی**۔ واسطے مادہ محترقہ سوداوی کے نہایت مفید ہے بادیان تخم کرفس انیسون کثوث فرنجمشک تخم سداب تخم شلغم بیخ کرفس بیخ بادیان بیخ سوسن ہر ایک سات درم سب دوا کو نیم کوب کر کے سو درم سرکہ میں تر کریں اور پانی شیریں ڈال کر جوشادیں صاف کر کے ایک سیر پختہ قند سفید میں قوام کریں۔ **ترکیب سعوط مرطب**۔ واسطے یبوست بینی کے اور امراض یابس ناک کے نہایت مجرب ہے۔ مشک کافور اور صندل روغن بادام میں ملا کر سعوط بنادیں۔ **ترکیب سنون تریاق الاسنان** واسطے امراض بارد دندان کے مفید ہے۔ جند بید ستر حلتیت مرفلفل زرآوند مدحرج زنجبیل افیون بذر البنج ہر ایک دو درم سب دوا کوٹ کر باریک کریں شہد میں ملا کر حب بنا کر منہ میں رکھیں اور لعاب اس کا باہر گیرتے رہیں۔ **ترکیب سنون صحت الاسنان**۔ واسطے حرکت دندان کے مفید ہے شاخ گوزن سوختہ کزمازج سعد سنبل نمک اندرانی زبد البحر سماق ہر ایک چار درم ادویہ کوٹ چھانکر منجن بنادیں۔ **ترکیب شربت بزوری معتدل**۔ واسطے امراض جگر کے نہایت مجرب ہے۔ تخم کاسنی رازیانہ خربوزہ تخم کدو حب القرطم ہر ایک پانچ مثقال بیخ کاسنی گل غافث تخم خطمی اصل السوس سنبل الطیب بنفشہ گاؤزبان ہر ایک ساڑھے چار ماشے مویز منقی بیس درم کل ادویہ جوشاکر صاف کریں اور قند سفید ایک من میں قوام کریں۔ **ترکیب شربت بزوری گرم**۔ تخم کثوث تخم کرفس تخم کاسنی انیسون بادیان بیخ کرفس ہر ایک پانچ درم

تین رطل قند سفید میں قوام کریں۔ **ترکیب شربت بزوری**۔ تخم خیارین تخم کاسنی ہرایک پانچ تولہ بیخ کاسنی سات تولہ نیم کوب کرکے جوشادیں اور صاف کریں دو رطل شکر سفید میں قوام کریں۔ **ترکیب شربت اصولی** واسطے سوء القنیہ اور استسقاء کے مفید ہے اور کاسر ریاح بھی ہے پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس پوست بیخ کاسنی ہرایک ڈیڑھ تولہ فقاح اذخر سنبل الطیب اسارون سلیخہ ہرایک سات ماشے انیسون بادیان تخم کرفس تخم کاسنی ہرایک تولہ مویز منقی دو تولہ انجیر زرد بیس دانہ پوست بیخ کبر نو ماشے قند سفید تین پاؤ پختہ میں قوام کریں۔ **ترکیب شربت انجبار** واسطے نفث الدم اور اطلاق خونی کے مفید ہے انجبار نیم کوفتہ پانچ تولہ خوب پانی میں جوشاکر صاف کریں اور بیس تولہ شکر سفید میں قوام کریں۔ **ترکیب شربت دینار** واسطے امراض جگر کے اور سوداوی مادہ کے نہایت مفید ہے۔ تخم کاسنی بیس مثقال گلسرخ پندراں درم بیخ کاسنی تین درم نیلوفر گاؤزبان تخم کشوث ہرایک پانچ درم ریوند چینی ساڑھے چار مثقال نیم کوب کرکے اور پوٹلی باندھ کر ہمراہ ادویہ کے تر کریں اور جوشاکر صاف کریں قند سفید دو رطل ڈال کر قوام کرکے ایک مثقال ریوند اور اضافہ کریں وزن پانچ درم سے پندراں درم تک ہے **ترکیب شربت صندل**۔ بورہ صندل سفید بیس مثقال ایک رطل عرق گلاب میں دو شب و روز تر رکھیں پھر صاف کرکے پانی میں جوشاکر صاف کریں اور قند سفید دو رطل اور عرق گلاب مذکور ملاکر قوام کریں اور بوقت حاجت بکار لادیں اگر نیم مثقال کافور ریاحی اضافہ کریں تو بہتر ہے ہمراہ عرق گلاب کے پلادیں **ترکیب شربت افسنتین**۔ واسطے سوء القنیہ اور تپ کہنہ بلغمی اور صفراوی کے مفید ہے افسنتین گل سرخ ہرایک سات درم شاہترہ پانچ درم تمرہندی آٹھ درم آلو سیاہ بیس دانہ مویز منقی تیس دانہ ادویہ جوشاکر صاف کریں نیم من قند سفید میں قوام کرکے بکار لادیں۔ **ترکیب شربت خشخاش** واسطے سرفہ زکامی نہایت مجرب ہے پوست بمعہ خشخاش بیس عدد جدا جدا نیم کوب کریں اور جوشدیکر صاف کریں اور بیس تولہ قند سفید میں قوام کرکے کام میں لادیں **ترکیب شربت ملین** گل بنفشہ گلسرخ ہرایک سات درم گاؤزبان پانچدرم بیدانہ دو درم اسبغول نو درم عناب بیس دانہ سپستان کلاں ساٹھ دانہ ادویہ جوشاکر صاف کریں ایک رطل ترنجبین ڈالکر

قوام کریں اور قدرے روغن بادام ڈالکر پلادیں۔ **ترکیب شربت گاؤزبان** واسطے
خفقان اور مالیخولیا سوداوی کے مفید ہے گاؤزبان بیس مثقال بادرنجبویہ پانچ مثقال
گل سرخ تین مثقال صندل سفید ہر ایک تین مثقال ایک رطل عرق گلاب خالص
میں ترکریں اور دو رطل پانی ڈالکر جوشادیں صاف کرکے قند سفید ڈیڑھ رطل میں
قوام کرکے زعفران ایک درم مشک نیم درم کافور دو دانگ اضافہ کرکے پانچ درم ہر روز ہمراہ
عرق گلاب و بید مشک کے پلادیں۔ اگر حرارت غالب ہو شربت فقط تنہا گاؤزبان
کا بنادیں۔ **ترکیب شربت ورد**۔ واسطے اخراج صفرا کے مجرب ہے۔ گلسرخ
خشک منزوع ایک رطل چالیس درم پانی میں جوشادیں صاف کرکے ایک رطل
قند سفید یا ترنجبین ڈال کر قوام کریں اور وقت پکانے شربت کے سرِ دیگ کا بند رکھیں
گل سرخ دو تین دفع کرکے ڈالیں تاکہ خوشبوئی اس کی اڑنہ جائے۔ **ترکیب شربت
شاہترہ**۔ واسطے سوداِ محترقہ کے مفید ہے۔ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی
ہر ایک تیس درم گاؤزبان سنائی۔ اصل السوس پرسیاوشاں ہر ایک بیس
درم آلو سیاہ بیس دانہ عناب پچاس دانہ۔ تخم کشوث تین درم۔ گل بنفشہ سات درم
افسنتین تین درم نیلوفر تیس عدد زرشک پانچ درم آب شاہترہ دس رطل
میں ایک شبانروز ترکرکے جوشادیں۔ جب تیسرا حصہ اس میں سے سوختہ ہوجاوے
اُتار کر صاف کریں اور محافظت سے رکھیں اور وقت حاجت سات درم شربت
قدرے شہد خالص میں ملاکر پلادیں۔ اور کبھی خیارشنبر بھی اس میں اضافہ کریں
تاکہ مواد بھی اسہال سے خارج ہوجاویں۔ **ترکیب شربت زوفا** واسطے
سرفہ خشک اور تر کے نہایت مجرب ہے۔ زوفائے خشک۔ اصل السوس ہر ایک
آٹھ درم پرسیاوشاں سات درم تخم خطمی و خبازی ہر ایک پانچ درم عناب سپستان
ہر ایک پچاس دانہ انجیر بیس دانہ گل بنفشہ چار درم ادویہ جوشاکر صاف کریں اور
ایک من شکر تری سفید میں قوام کرکے بکار لادیں۔ **ترکیب شربت مسہل** تخم کشوث
مصطگی اسطوخودوس ہر ایک تیس مثقال گل بنفشہ تین مثقال تربد سفید افسنتین غاریقون
ہر ایک پانچ مثقال سنائی گلسرخ سنبل الطیب ہر ایک دو مثقال عناب سپستان ہر ایک
تیس عدد کل ادویہ جوشاکر صاف کریں ترنجبین یا قند سفید ڈیڑھ سو مثقال ڈالکر قوام کریں

پانچ مثقال سے دس مثقال تک پانی ڈال کر پلادیں۔ ترکیب **شربت اعجاز** واسطے سرفہ
گرم خشک اور تپ کہنہ کے مجرب ہے عناب ولایتی بیس دانہ سپستان ساٹھ دانہ اصل السوس
تخم خطمی وخبازی گل بنفشہ نیلوفر ہر ایک سات درم بہدانہ پانچدرم برگ اڑوسہ یعنی برگ بانسہ
ایک رطل ادویہ جوشا کر صاف کریں اور دو رطل قند سفید ڈالکر قوام پکادیں۔ صمغ عربی
کتیرا تین تین درم باریک کر کے شربت میں اضافہ کریں۔ ترکیب **شربت**
نیلوفر واسطے حرارت تیز کے نہایت مفید ہے۔ گل نیلوفر ایک اوقیہ ایک من قند سفید
میں قوام کریں ترکیب **شربت آلو**۔ واسطے تپ دموی اور صفراوی کے نہایت مفید ہے
اور بٹھانی جوش خون کے کافی ہے آلو سیاہ بقدر حاجت مصری سفید بقدر خوش طعم میں قوام کر کے
بکار لادیں ترکیب **شربت بنفشہ** واسطے تپ صفراوی کے مفید ہے گل بنفشہ ایک جز
شکر سفید چہار جز میں قوام کر کے استعمال میں لادیں ترکیب **شربت عناب** بھی یہی ہے
ترکیب **شربت انار** واسطے حرارت تیزگی نہایت لاثانی ہے۔ آب انار شیریں دو سیر
پختہ قند سفید نیم سیر پختہ میں قوام کر کے بکار لادیں۔ اور انار ترش کا شربت بھی واسطے
ہاضمہ کے بکار لادیں۔ ترکیب **شربت پودنہ** واسطے ہاضمہ کے پودنہ دس تولہ
مصری سفید چالیس تولہ میں قوام کر کے استعمال میں لاویں۔ ترکیب **شربت گلو** ہے
واسطے تپ صفراوی کے مفید ہے۔ گلو تازہ چھ تولہ نیلوفر چار تولہ گلسرخ دو تولہ ہر ایک
رطل قند سفید میں قوام پکادیں۔ ترکیب **شربت افسنتین مسہلی**۔ واسطے تپ
کہنہ بلغمی کے مفید ہے تربد سفید غاریقون۔ سنبل الطیب ہر ایک چار درم گلسرخ بیس
درم افسنتین دس درم قند سفید ایکسو بیس درم میں قوام کر کے استعمال کریں۔
ترکیب **شربت لعابین** واسطے اطفاء حرارت جگر کے مجرب ہے۔ لعاب اسبغول
لعاب بہدانہ ریشہ خطمی آب انار شیریں ترنجبین ملا کر قوام کر کے بکار لاویں ترکیب
شربت تربوز۔ واسطے گرمی جگر کے مفید ہے۔ آب تربوز پختہ چار سیر مصری سفید
ایک سیر میں قوام کر کے استعمال کریں۔ ترکیب **شربت فنجنوش** واسطے
سرعت انزال اور ضعف جگر کے نہایت مفید ہے۔ سماق مازو گلنار گلسرخ کندر کشنیز
صعتر سعد ہر ایک دس درم زعفران مرصافی شب یمانی ہر ایک ایک درم خبث الحدید تیس درم ادویہ کوٹ
چھان کر چھ رطل آب انگور خام میں ملا کر بھگو دیں جب ایک تہائی باقی رہ جاوے صاف

کریں اور محافظت سے رکھ چھوڑیں جبقدر حال کے مناسب ہو پلادیں۔ ترکیب شربت
حب الآس واسطے زحیر اور اطلاق خونی کے اور نفث الدم کے مفید ہے حب الآس آٹھ
تولہ نیکوب کرکے جوشادیں اور صاف کرکے آٹھ تولہ مصری ڈالکر قوام کریں ترکیب شربت
سکنجبین سادہ واسطے امراض معدہ اور جگر کے نہایت لاثانی ہے سرکہ نیم سیر پختہ
نبات سفید ایک سیر پختہ میں قوام کرکے بکار لاویں ترکیب شموم گرم۔ مشک
ریحان عنبر اشہب زعفران عود ہندی قرنفل ہر ایک نیم درم نیم کوب کرکے
شموم بناویں۔ شموم سرد بورہ صندل تین درم کافور ایک درم۔ گلسرخ
بنفشہ کشنیز الاچی خورد ہر ایک دو درم زر نباد نیمدرم ادویہ کوٹ کر باریک کریں اور
عرق گلاب میں تر کرکے شموم بنادیں۔ ترکیب شیاف زنگاری واسطے
بیاض آنکھ کے مجرب ہے۔ صمغ عربی اسیفداج زنگار ہر ایک نیمدرم باریک پیس کر
سداب کے پانیمیں شیاف بناویں اور وقت حاجت گھسکر آنکھ میں ڈالیں ترکیب شیاف
ابیض واسطے خارش چشم کے مفید ہے ارزیز کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم نشاستہ
ایک درم انزروت دو درم افیون درم ادویہ باریک کرکے سپیدی تخم مرغ میں شیاف
بناویں اور وقت حاجت کے گھسکر کام میں لادیں۔ ترکیب شیاف
بر یوماء واسطے رمد کے مفید ہے جو ایک روز میں صاف کر دیتا ہے اقلیمیا نقرہ مس سوختہ
ہر ایک تین درم کتیرا اقاقیا ہر ایک دو درم زعفران افیون ہر ایک درم ادویہ باریک
کرکے آب حنا میں شیاف بناویں۔ ترکیب شیاف دینار سبل رقیق کو دور
کرتا ہے زرد چوب شادنج مغسول ایلوا شیاف مامیثا مساوی الوزن لیکر باریک
کرکے آب حنا میں کھرل کرکے شیاف بنادیں۔ ترکیب شافہ
قولنج۔ صابون بورہ ارمنی ہر ایک تین درم خیار شنبر چار درم شحم حنظل ایک
درم سقمونیا دو دانگ مقل کے پانی میں شافہ بنادیں چاہئے کہ طول شافہ کا
مقدار طول انگشت کے ہو اور عرض شافہ کا مقدار چھ انگشت کے ہو ترکیب ضماد گرم
گرم محلل۔ تخم کتان تخم حلبہ شبت ہر ایک چہار درم پانی میں باریک کرکے قدرے
روغن کنجد ملا کر نیم گرم ضماد کریں۔ ایضاً مقل مصبر اشخار۔ زنجبیل بقدر حاجت
لیکر باریک کریں اور زردی بیضہ مرغ میں ملاکر ضماد کریں۔ ضماد محلل ریاح

زیرہ مشوبہ تخم سداب بابونہ پیسکر ضماد کریں یا فقط تخم بید انجیر باریک کرکے ضماد کریں
ضماد اوراق حار۔ برگ سنبھالو یا برگ حرمل یا برگ ارنڈ سہجنہ تخم کنڈیاری
باریک کرکے ضماد کریں۔ ضماد سرد واسطے ورم اور درد گرم کے مفید ہے عنب الثعلب
کشنیز تر افتیمون برگ حنا پانی میں باریک کرکے ضماد کریں یا کاہو کاسنی کشنیز بنفشہ
آرد جو گل خطمی گلسرخ سرکہ گلرو غن ملاکر ضماد کریں خار خسک و برگ نیم و کشنیز آب
کوکنار میں پیسکر ضماد کریں۔ ترکیب ضماد مسہل و مقی۔ اگر ناف پر رکھیں
اسہال لادے اگر فم معدہ پر رکھیں قے لادے۔ اگر پیڑو پر رکھیں ادرار بول اور
ادرار حیض کرے برنج کابلی عصارہ قثاء الحمار ہر ایک تین ماشے حزبق سفید مرداسنگ
ہر ایک چار ماشے سب ادویہ باریک کرکے چار تولہ روغن زیت یا روغن سرشف
میں ملادیں موم سفید اور چربی گوسفند ایک ایک تولہ لیکر گداخت کرکے ادویہ مذکور
میں ملاکر ضماد کریں۔ ایضاً دیگر۔ ترمس مقشر ایک چھٹانک دیگچی میں کھکر اسقدر
شیر تازہ مادہ گاؤ ڈالیں کہ ترمس ڈوب جاوے پھر اسقدر آنچ آگ کی دیویں کہ
دودھ بالکل جذب ہو جاوے پھر اُتار کر قدرے روغن گاؤ اس میں حل کرکے ضماد
کریں۔ ترکیب ضماد فتق۔ افتیمون۔ دو ماشے کندہ بہروزہ چھ ماشے
پانی میں پیس کر باریک کپڑے پر لگا کر اُس پر چار ماشے کندر اور چھ ماشے مازو
باریک کرکے چھڑکیں اول خصیہ پر روغن بابونہ لگا کر کپڑا مذکور باندھ دیویں
بعد چار پہر کے تجدید کریں یعنے نیا ضماد کریں بعد آنت چڑھنے کے بھی چند
روز استعمال کریں۔ ضماد ورم مقعد۔ عدس گل سرخ عنب الثعلب باریک
کرکے گل روغن ملاکر ضماد کریں۔ ترکیب ضماد استسقاء زقی بورہ ارمنی قردمانا
مونیج ہر ایک تین درم کرنب سات درم بکری کی مینگنی پچاس درم آرد جو ساٹھ
درم سرگین گاو ساٹھ درم سب دوا خوب باریک کرکے ملاویں آب کاسنی اور آب
بادیان میں ملاکر ضماد کریں۔ ترکیب ضماد الطحال۔ آرد نخود بس سبوس گندم
نمک شورہ پھٹکڑی سفید خوب باریک کرکے سرکہ ملاکر ضماد کریں یا نمک وارنگ
سوہاگہ شورہ سرکہ ملاکر ضماد کریں۔ ترکیب طلاء بارد۔ دافع سیطے ورم اور درد گرم
کے مفید ہے بورہ صندل و کافور عرق گلاب میں گھسکر طلا کریں۔ ترکیب طلاء حار

واسطے امراض ورم اور درد سر کے نہایت مفید ہے جوز بوا زعفران زنجبیل افیون خوب باریک
کر کے طلا کریں۔ ترکیب طلاء قیروطی واسطے اورام حار اور ذات الجنب کے نہایت
مجرب ہے۔ موم سفید صندل دکا نورہ زعفران ملا کر طلا کریں۔ ترکیب طلاء
صلب الطحال۔ اشق بورہ ارمنی نمک سوہاگہ شورہ پھٹکڑی آرد کا درس یا ارز
یا ارزن خوب باریک کر کے سرکہ ملا کر ضماد کریں۔ طلاء واسطے ذات الجنب کے پھٹکڑی
سفید افیون مصبر مغز فلوس خوب باریک کر کے پانی میں طلاء کریں۔ ترکیب طلاء ندگ
واسطے ورم اور درد گرم تر کے نہایت مفید ہے۔ اور ہر ایک غلاظت چشم وغیرہ
گرم تر کے مجرب ہے۔ بورہ صندل سرخ گل ارمنی فوفل اقاقیا حضض اسفیداج مرداسنگ
خوب باریک کر کے آب کوکنار میں ملا کر ضماد کریں۔ طلاء دیگر چشم رمد ماز و افیون
حضض پھٹکڑی زعفران مصبر آب حنا میں کھرل کر کے ضماد کریں۔ طلاء گل روغن
و سرکہ کافور صندل ملا کر طلاء کریں طلاء مرطب۔ مغز بادام خشخاش مغز
تخم کدو گل روغن سرکہ ملا کر طلا کریں۔ ترکیب طلاء لوط و دہری۔ ہانجی مرداسنگ
پھوک مقل ہر ایک تولہ۔ نوشادر۔ سم الفار۔ توتیا آملہ سار سیماب ہر ایک چھ ماشہ۔ ادویہ
خوب باریک کر کے دس تولہ سرکہ میں کھرل کر کے لوط یا دہری پر لگا دیں اندک یعنی
مثل طلاء کے ضماد کریں۔ ترکیب طلاء قطع ثولول بواسیر۔ زنگار رسکپور توتیا
مصبر مرداسنگ ہر ایک تین درم سم الفار نیم درم کافور نیم درم ادویہ خوب باریک پیسکر
مثل سرمہ کے سرمچہ کے ساتھ ثولول پر طلا کریں سات روز کے طلا کرنے سے ثولول
قطع ہو جاوینگی۔ بعد اسکے نگدہ بھنگ کا باندھیں۔ ترکیب عرق ادویات
پودینہ یا سعوتف یا کاسنی یا عنب الثعلب یا گل سرخ یا اجواین وغیرہ جس کی ضرورت
ہو پانی میں تر کر کے جوشاویں اور آلات عرق کش اُس کے اوپر رکھ کر عرق کھینچیں
ترکیب عطوس۔ واسطے امراض بارد دماغ کے مفید ہے شحم حنظل فلفل گرد
اسطوخودوس جند بیدستر ہر ایک تین درم کندش آٹھ درم ادویہ باریک کر کے
عطوس بناویں۔ ترکیب غرغرہ واسطے امراض بارد دہان کے نہایت مفید
ہے۔ ایارج فیقرا اوج خردل زنجبیل عاقرقرحا مویزج اصل السوس بیخ
کبر فلفل دراز سب دوا کوٹ چھان کر جوشاویں اور صاف کر کے عسل ملا کر غرغرہ

کریں۔ **ترکیب غرغرہ بارد**۔ واسطے امراض گرم دہان کے مفید ہے۔ سرکہ گلاب صندل مشک کافور ملاکر غرغرہ کریں۔ حضض پوست ہلیلہ زرد دھنیاں وغیرہ پانی میں باریک کرکے غرغرہ کریں۔ **ترکیب غذا لطیف**۔ واسطے بیمار کے نہایت مفید ہے۔ اسفیدباج یعنی گوشت بے مصالح پکاکر شوربا اس کا دیویں یا ماء الشعیر خوب پکاکر مصری ڈال کر پلادیں۔ یا اسفاناخ یا نبوماش یا کدو شیر یں یا ساگودانہ یا چاول یا توری یا ساگ خرفہ یا دلیدہ گندم روغن بادام ڈال کر یا نخود آب وغیرہ دیویں۔ یا غذا زیرباج یعنے گوشت کو سرکہ یا ساگ کے ساتھ پکاکر دیویں۔ **ترکیب فرزجہ حار**۔ واسطے امراض بارد رحم کے مفید ہے۔ بسباسہ سنبل الطیب سعد عود قرنفل مشک زعفران بقدر حاجت لیکر باریک کریں۔ اور شراب میں ترکرکے پشم آلودہ کرکے فرزجہ کریں۔ **ترکیب فرزجہ خشک** واسطے خشک کرنے رطوبت رحم کے مجرب ہے۔ مازو پھٹکڑی پوست انار مرداسنگ کندر ایک اوقیہ باریک کرکے شراب اور پشم آلودہ کرکے فرزجہ کریں۔ **ترکیب فتیلہ ریش بینی وقرحہ وغیرہ**۔ قرطاس سوختہ صدف سوختہ قلقطار مازو مُرتوبال مس سوختہ ہرایک پانچدرم شہد میں ملاکر پنبہ کا فتیلہ بناکر دواسے آلودہ کرکے رحم یا قروح پر رکھیں۔ **ترکیب فتیلہ قرحہ کہنہ**۔ انزروت زنگار صابون سپیدہ توتیا ہرایک نیم درم شہد اور موم میں ملاکر فتیلہ پنبہ کا دواسے آلودہ کرکے قرحہ میں دبادیں۔ **ترکیب قطور گرم**۔ واسطے مرض بارد گوش کے مفید ہے برگ بابونہ جوز بویہ تخم اسپند ہرایک دو درم قرنفل پانچ عدد افیمن وزعفران ہرایک تین سرخ گلروغن سرکہ دو تولہ سب دوا کڑچھی میں جوشادیں جب سب دوا سڑجاوے باقی روغن رہ جاوے گوش میں قدرے شراب ملاکر یعنے خمر قطور کریں۔ **ترکیب قطور سرد** واسطے امراض گرم کان کے نہایت مفید ہے۔ افیون کافور ہرایک نیم سرخ مثل گولی کے بناکر روغن بادام میں حل کرکے وقت ضرورت درد گوش کے کان میں قطور کریں فوراً درد موقوف ہوجاوے گا۔ **ترکیب قرص طباشیر**۔ واسطے امراض گرم کے نہایت مفید ہے۔ صمغ عربی کتیرا نشاستہ طباشیر ہرایک دو درم گلسرخ رب السوس ہرایک چھ درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ ہرایک چار درم کافور ایک درم

زعفران نیم درم ادویہ باریک کرکے لعاب اسبغول میں قرص بوزن دونیم درم بناکر ایک قرص ہر روز ہمراہ شربت مناسب کے کھادیں۔ **ترکیب قرص خشخاش** واسطے سرفہ گرم کے نہایت مفید ہے۔ گلسرخ صمغ عربی ہر ایک چار درم کتیرا رب السوس ہر ایک دو درم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک تین درم طباشیر پانچدرم سب دوا باریک کرکے عرق گلاب میں قرص بمقدار ایک مثقال کے بناکر ایک قرص ہر روز ہمراہ شربت خشخاش کے کھادیں **ترکیب قرص ورد ملین**۔ گلسرخ منزوع دس درم اصل السوس چھ درم سنبل تین درم طباشیر دو دو درم سب دوا باریک کرکے عرق گلاب میں مقدار دو درم کے قرص بناکر ہمراہ شربت مناسب کے کھادیں۔ **ترکیب قرص کاکنج**۔ واسطے قرحہ گردہ کے مفید ہے۔ گل ارمنی صمغ عربی کندر دم الاخوین تخم خشخاش مغز بادام رب السوس نشاستہ کتیرا ہر ایک دو درم تخم کرفس ایک درم کاکنج سات درم ادویہ باریک کریں اور لعاب بہیدانہ میں قرص بوزن دو درم کی بناکر ایک قرص ہمراہ شربت مناسب کے کھائیں **ترکیب قرص گل حار** واسطے تپ کہنہ بلغمی کے مفید ہے۔ انیسون سافج ہندی اسارون۔ افسنتین سنبل مغز بادام تلخ ہر ایک تین درم صبر عصارہ غافث ہر ایک چار درم تخم کرفس میں قرص بناکر کھلادیں۔ کہنہ تپ بلغی کو زائل کرتا ہے۔ **ترکیب کحل الجواہر** واسطے ضعف البصر کے نہایت مفید ہے۔ اقلیمیا طلا۔ سافج ہندی ہر ایک دو درم زعفران مرقشیشا ہر ایک پانچدرم مروارید ناسفتہ تین درم سرمہ صفہانی سات درم خوب باریک کرکے ریشمی کپڑے میں چھان کر سرمہ بنادیں۔ **ترکیب کحل روشنائی**۔ واسطے سبل اور خارش اور بیاض چشم کے نہایت مفید ہے۔ مس سوختہ شادنج مغسول ہر ایک پانچدرم فلفل شحم حنظل زعفران زنگار بورہ ارمنی مصبر ہر ایک ایک درم اقلیمیا نقرہ دو درم سب دوا باریک کرکے ریشمی کپڑے میں چھان کر کحل بنادیں **ترکیب کماد**۔ واسطے درد ریح کے نہایت مفید ہے۔ اجوائن برگ بابونہ بنفشہ تخم شبت سبوس گندم نمک سب دوا بقدر حاجت لیکر نیم کوب کرکے پانی میں جوشا کر قدرے روغن کنجد ملاکر نیم گرم ٹکور کریں یا جرہ دنمک کپڑے میں باندھ کر آتش پر گرم کرکے مقام درد پر رکھیں یا ریت گرم کرکے

ٹکور کریں۔ **ترکیب لعوق زوفا**۔ واسطے سرفہ کے نہایت مفید ہے زوفائے خشک
پانچدرم بنفشہ دس درم ملٹھی پانچدرم۔ سپستان پانچ عدد مویز منقی بیس عدد
عناب بیس عدد بہدانہ چار درم سب دوا پانی میں جوشا کر صاف کریں اور قند سفید
ڈیڑھ رطل میں قوام غلیظ پکا کر اُتار لیں مغز بادام نشاستہ کتیرا صمغ عربی مغز تخم کدو
رب السوس ہر ایک چار درم تخم خشخاش دس درم باریک کرکے اضافہ کریں اگر حاجت تلیین کی ہو
تو خیارشنبر بھی داخل ادویہ مذکور کے کریں۔ **ترکیب لعوق زنجبیل** واسطے بحتہ الصوت
بلغمی کے مفید ہے زنجبیل دودھ مادہ گاؤ میں بھگودیں اور ہر روز دودھ کو بدلتے رہیں
یہانتک کہ نرم اور پردردہ ہو جاویں۔ پھر اُس کو کوٹ کر نرم کریں اور خشک کرکے باریک
کریں اور شہد میں ملادیں اور قوام کریں پچاس درم دار پیپل اور دس درم رب السوس
اور بیس درم نشاستہ اور ایک درم زعفران خوب باریک کرکے اضافہ کریں اور
بقدر قوت کے کھادیں۔ **ترکیب لعوق سپستان** سعال مزمن
اور ضیق النفس کو مفید ہے۔ سپستان دو سو عدد عناب پچاس عدد تخم السی تخم خطمی
اصل السوس ہر ایک تولہ بہدانہ چھ ماشے آدہ سیر قند سفید کے ساتھ قوام غلیظ پکا کر
صمغ عربی نشاستہ کتیرا مغز تخم کدو ہر ایک چار درم باریک کرکے اضافہ کریں۔ **ترکیب
لعوق خیارشنبر**۔ واسطے رفع کرنے قبض اطفال کے مفید ہے سپستان دو سو بیس
عدد خیارشنبر گیارہ درم مویز منقی چالیس درم آدہ سیر پانی میں بھگودیں اور جوشا کر صاف
کریں ترنجبین اور شہد آدہ آدہ پاؤ کے قریب ڈالکر گاڑہا قوام بناویں اور دو تولہ تک ہر روز
کھاویں۔ **ترکیب لعوق بارد**۔ سرفہ خشک کو مفید ہے مغز بادام مغز تخم کدو
مغز تخم خیارین تخم خرفہ تخم کاہو ہر ایک پانچدرم رب السوس صمغ عربی کتیرا نشاستہ تخم
خشخاش ہر ایک چار درم ترنجبین پچاس درم آب تربوز میں قوام کریں اُسمیں ادویہ
ملادیں اگر نزلہ قوی ہو خشخاش اُسمیں زیادہ کریں اور روغن بادام ملا کر لعوق کریں **ترکیب
ماء القرع** واسطے اطفاء حرارت کے مفید ہے۔ کدو کو تراش کر خمیر آرد میں لپیٹ کر تنور
گرم میں رکھیں کچھ دیر کے بعد نکال کر خمیر دور کرکے کپڑے میں ڈالکر پانی اُسکا نچوڑ لیویں
اور مصری ڈالکر پلادیں۔ **ترکیب ماء الجبن** واسطے اخلاط سوداویہ محترقہ کے مفید ہے
شیر تازہ بز لوہے کی ایک سیر پختہ لے کر ہانڈی میں ڈالکر جوشا دیں جب نصف رہجاوے

سرکہ دو تولہ اس میں اضافہ کریں اور انجبیر کی لکڑی سے ہلاتے رہیں اول سے آخر تک اور بعد سرکہ ڈالنے کے دو تین جوشدیکر اوتار کر سرد کریں اور صاف کرکے مصری ڈال کر پلادیں اور پھر اُسکے بدن پر مالش کریں۔ **ترکیب ماءالشعیر** یعنی جو کو پانی میں بھگو کر کوٹ کر چھال اُسکی دور کریں اور ایک مشت بھر لیکر ایک پیالہ پانی کا ڈال کر جوش دیں جب تھوڑا سا پانی رہجاوے دو دفع پانی دور کریں تیسرا پانی صاف کرکے مصری ڈال کر پلادیں **ترکیب ماءالرمان**۔ دانہ انار کو کپڑے میں نچوڑ کر مصری ڈال کر پلادیں واسطے ضعف جگر کے نہایت مفید ہے اور واسطے یرقان اور سوالقینہ کے بھی مجرب ہے۔ **ترکیب ماءاللحم**۔ چوب چینی۔ صندل سفید و سُرخ بادرنجبویہ گل ہنڈی گاؤزبان خس عشبہ مغز بہی جٹاماسی جوز بوا آب باسہ ہر ایک چھ ماشے ہر ایک کو نیم کوب کرکے آب دریا میں خیساندہ کریں دس سیر گوشت حلوان جوان کا چربی اور استخوان سے پاک کرکے قدرے گوشت مرغان اُس میں داخل کرکے مصالحہ کوٹا ہوا اُس میں ملا کر دیگچہ میں ڈال کر آگ پر پانی اُس کا خشک کریں پھر ادویات مقوی باہ اُس میں ملا کر عرق گلاب اور عرق گاؤزبان وغیرہ ملا کر بطور عرق کے کھینچیں اگر عرق بے پانی کے ڈالیں تو خوب ہے۔ **ترکیب لخلخہ سرسام**۔ بورہ صندل دو درم کافور ایک درم سرکہ پانچدرم عرق گلاب خالص پانچ تولہ ادویہ شیشہ میں ڈال کر سونگھادیں **ترکیب معجون برشعثا**۔ واسطے نزلہ کے اور سرفہ کے مجرب ہے فلفل سیاہ فلفل سفید بذرالبنج اسپند ہر ایک بیس مثقال افیون دس مثقال زعفران پانچ مثقال سنبل عاقرقرحا فرفیون ہر ایک مثقال ادویہ کوٹ چھان کرسہ چند عسل میں معجون بنادیں۔ اور بعد اُسکے تین مہینہ تک غلہ جو میں رکھیں بعد تین مہینہ کے نصف مثقال تک کھادیں۔ **ترکیب معجون فلاسفہ** واسطے تمام امراض بارد کے مفید ہے۔ اور قوت باہ کو فائدہ بخشتا ہے۔ زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز دارچینی۔ آملہ شیطرج مصطکی پوست ہلیلہ زرد زراوند مدحرج خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ مغز بادام مغز نارجیل مغز جوز ہر ایک دس درم گل بابونہ پانچدرم مویز منقی تین درم ادویہ باریک کرکے عسل دوچند میں ملا کر ایک مثقال سے چار مثقال تک کھادیں **ترکیب معجون بنفشہ** ملین طبع گل بنفشہ مغز بادام ہر ایک دس درم مصطگی رب السوس

ہر ایک پانچ درم تربد سفید بیس درم ادویہ کوٹ چھان کر رکھیں ترنجبین و قند سفید و مغز فلوس ہر ایک پچاس درم یہ تینوں دوا کو قوام کر کے سب دوا ملا کر معجون بنا لیں چار مثقال سے دس مثقال تک کھاویں۔ **معجون مقوی معدہ**۔ ترپھلہ ترکلا مصطگی زیرہ سیاہ و سفید دارچینی انیسون نانخواہ قاقلہ ضعار و کبار سداب سب دوا موافق قدر کے کوٹ کر شہد میں ملا کر معجون بناویں۔ **ترکیب معجون آثاناسیا**۔ واسطے امراض بلغمی کے مفید ہے میعہ زعفران قسط تلخ مرصافی جوز الطیب عود بلسان افیون سلیخہ ہر ایک ایک درم عصارہ غافث دو درم بیخ مہک تین درم شہد میں ملا کر معجون بناویں۔ **ترکیب معجون مفتت الحصات**۔ حب بلسان حب القلت حجر اسفنج خاکستر عقرب بیخ کاکنج ادویہ کوٹ کر باریک کریں اور خار خسک کے پانی میں سات دفع تر کر کے خشک کریں۔ بعد اس کے عسل میں معجون بنا کر ایک ماشے سے تین ماشے تک کھاویں ہمراہ شربت مناسب حال کے۔ **ترکیب معجون کشنیز**۔ مقوی دماغ تخم خشخاش کشنیز ہر ایک نیم پاؤ دال ماش شستہ ڈیڑھ پاؤ خشخاش اور دال رات کو پانی میں تر رکھیں اور صبح کو گھوٹ کر روغن زرد ڈیڑھ پاؤ میں بریان کریں۔ قند سفید نیم سیر میں قوام کر کے پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ کابلی سونف مغز نارجیل مغز بادام مغز پستہ چارمغز ہر ایک پانچ تولہ سب دوا باریک کر کے قوام میں ملا کر معجون بنادیں۔ **ترکیب معجون حجر الیہود**۔ مفت حصات گردہ و مثانہ ہے۔ حجر الیہود دس تولہ کاکنج اسارون مغز تخم خربوزہ تخم معصفر انیسون مغز تخم تربوز تخم کدو مغز تخم خیارین دراز ہر ایک ایک تولہ شہد سہ چندان میں معجون بنا کر ساتھ مطبوخ گوکھرو و قشر نخود سیاہ سات ماشے کھاویں۔ **معجون ریگ ماہی** مقوی باہ از تالیف حکیم احسان علیخاں رحمتہ اللہ علیہ ریگ ماہی لسان العصافیر تخم خشخاش سفید زرنباد صندل سفید مغز نارجیل مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز اخروٹ مویز منقی کنجد سیاہ مقشر ہر ایک دو تولہ تخم پیاز تخم شلغم مغز تخم کنوچہ ہالم کزمازج تخم اسپند تخم گزر مصطگی سعد کوفی عود ہندی شیطرج پوست ترنج ساذج ہندی تخم شبت تخم ترب تودرین موصلیین ہر ایک ایک تولہ صلاجیت عاقر قرحا قرنفل بسباسہ جوز بوا مرچ سیاہ دارچینی ہر ایک نو ماشے ادویہ باریک کر کے دو چند شہد

میں معجون بناکر چھ ماشے سے تولہ تک کھاویں۔ **ترکیب معجون تریاق النزلہ**۔
واسطے رفع کرنے سرفہ کے اور انصباب مواد کے مجرب ہے۔ تخم کاہو دہ درم بزرالبنج سفید
پوست خشخاش ہرایک پانزدہ درم تخم خشخاش سفید بیس درم گل گاؤزبان تخم مورد
کشنیز خشک ہرایک پانچ درم اسطوخودوس ۱۳ درم تمام کو رات کے وقت پانی میں تر کریں
اور صبح کو جوشادیں اور صاف کرکے مصری سفید ڈیڑھ سو درم میں قوام پکادیں گلسرخ
اور کشنیز خشک رب السوس نشاستہ وصمغ عربی وکتیرا مصافی ہرایک دو درم باریک
کرکے ملادیں۔ وزن تین مثقال۔ **ترکیب معجون مفتت الحصاۃ**۔
واسطے سنگ گردہ اور مثانہ کے مجرب ہے۔ عقرب محرق ساڑھے تین درم جنطیانہ ڈیڑھ
درم زنجبیل ایک درم فلفل دراز فلفل گرد ہرایک دو درم کاکنج ساڑھے پانچ درم جند بیدستر
چار درم کوٹ چھان کر شہد میں ملاکر تیار کریں۔ اور وزن ایک دانگ ساتھ آب تخم کرفس
کے کھاویں۔ **ترکیب معجون اذراقی**۔ واسطے وجع المفاصل کے مجرب ہے اور
سلس البول کے فالج اور قطع عادت افیون کو بھی نہایت مجرب ہے۔ اذراقی چھ مثقال۔
گل گاؤزبان زرنباد اسطوخودوس کتیرا انارجیل مغز چلغوزہ شقاقل ہرایک تین مثقال سہ
وزن شہد میں معجون بناکر دو مثقال تک کھاویں اور چاہے جو اذراقی کو شیر میں اصلاح دیکر
استعمال میں لاویں۔ **ترکیب معجون مقوی باہ بے نظیر**۔ زردی اور سفیدی تخم مرغ
روغن گاؤ آب پیاز و شہد مساوی الوزن پکاکر معجون بنادیں بقدر احتمال طبع کے
چالیس روز تک کھاویں۔ **ترکیب معجون خیار شنبر**۔ تربد سفید چالیس درم گل بنفشہ
تیس درم نمک ہندی رب السوس ہرایک سات درم بادیان انیسون مصطگی رومی
ہرایک پانچ درم سقمونیا مشوی دس درم لب خیار شنبر سو مثقال روغن
بادام چالیس درم قند سفید اور عسل ہرایک سو سو مثقال لب خیار شنبر
قدرے پانی میں حل کرکے صاف کریں۔ قند اور شہد ملاکر قوام
کریں۔ سب دوا کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کریں اور قوام
میں ملاکر معجون بنادیں۔ پانچ مثقال سے سات مثقال تک کھاویں۔
معجون لبوب مقوی باہ۔ مغز بادام۔ چہار مغز حب البطم مغز
حب الصنوبر مغز حب الزلم۔ مغز فندق مغز پستہ مغز نارجیل

حب القلقل تخم خشخاش سفید تودری کنجد مقشر تخم جرجیر تخم گذر تخم پیاز تخم شلغم تخم ترب بهمن زنجبیل دارفلفل کبابہ قرفہ دارچینی شقاقل تخم ہلیون خولنجان سب دوا کوٹ کر مساوی الوزن لیکر سہ چند عسل میں معجون بنادیں - ترکیب معجون انوشدارو - مسمی مفرح انوشدارو واسطے خفقان بارد اور مالیخولیا اور ضعف دماغ کے نہایت مجرب ہے - گل سرخ سعد کوفی ہر ایک چھ درم قرنفل مصطگی سنبل الطیب اسارون ہر ایک تین درم قرفہ زرنب زعفران ہر ایک دو درم الائچی دانہ بسباسہ جوز بویہ ہر ایک ایک درم آملہ ایک رطل سات رطل پانی میں پکادیں جب تین رطل رہ جاوے مل کر صاف کریں دو رطل شہد اس میں ملاکر جوش دیں جب گاڑھا ہو جاوے نیچے اُتار کر سب دوائیں باریک کرکے اس میں داخل کریں - اور خوب ملاکر دو مہینے کے بعد استعمال کریں - ترکیب مفرح دلکشا بارد - واسطے خفقان حار کے اور ضعف دل کے مفید ہے - صندل سفید گل سرخ کشنیز مروارید بسد کہربا سوختہ ہر ایک چار درم طباشیر گاؤزبان کاسنی ہر ایک تین درم آملہ پندراں درم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک چار درم کافور ایک درم زعفران نیم درم ورق نقرہ نیم مثقال دو چند شربت سیب مقوم میں معجون بناکر ایک مثقال تک ہمراہ شربت صندل کے کھادیں - ترکیب مفرح حار - اظفار الطیب عشبہ نار مشک فرنجمشک ہر ایک چار درم قرفہ قرنفل سنبل دارچینی ہر ایک دو درم مصطگی زعفران ہر ایک ایک درم ادویہ کوٹ کر سہ چند عسل میں معجون بناکر ایک مثقال تک کھادیں - ترکیب مطبوخ ہلیلہ زرد - پوست ہلیلہ زرد تین تولہ تمر ہندی تین تولہ گل سُرخ پانچ درم عناب بیس عدد آلو سیاہ تیس عدد عنب الثعلب گل بنفشہ ہر ایک تین درم ادویہ جوشاکر صاف کریں مغز فلوس پچیس درم شیر خشت بیس درم سات مثقال ترنجبین حل کرکے تولشے روغن بادام داخل کرکے پلادیں ترکیب مطبوخ اصول - واسطے سوالقنیہ بارد کے مجرب ہے - پوست بیخ رازیانہ پوست بیخ کاسنی پوست بیخ کرفس انیسون تخم کرفس تخم کشوث سنبل الطیب ہر ایک تین درم مویز منقی پندراں درم ادویہ جوشاکر صاف کریں - شکر تری دو درم مصطگی مثقال روغن بادام بقدر کفایت اضافہ

کرکے پلادیں۔ **ترکیب مطبوخ حلبہ**۔ واسطے شُشّ کے مفید ہے۔ حلبہ
پانچ درم بنفشہ دو درم بادیان ایک درم مویز منقی بیس دانہ جوشاندہ کرکے قند
سفید ملاکر پلادیں۔ **مطبوخ زوفا**۔ واسطے سرفہ زکامی کے بہت مفید ہے زوفا
ایک تولہ ملٹھی چھ ملشے مویز منقی پانچ عدد گاؤزبان تین ماشہ کوکنار ایک عدد ادویہ رات
کو ایک پیالہ پانی میں بھگودیں صبح کو جوشا کر صاف کریں قند سفید تین تولہ ملاکر پلادیں
ترکیب مرہم زنگاری۔ واسطے قروح کہنہ کے مجرب ہے۔ زنگار توتیا سفیدہ
مرداسنگ انزروت ہر ایک ایک درم شنگرف صدف سوختہ دو دو درم۔ رال پانچ درم
موم سات درم روغن زرد تین تولہ میں مرہم تیار کریں۔ **ترکیب مرہم باد فرنگ**
توتیا شنگرف مرداسنگ رسکپور ہر ایک تین ماشہ سیماب مصفی چھ ماشہ برگ حنا
تین درم مازو پھل ایک عدد کتھہ دو درم ادویہ باریک کرکے وقت حاجت روغن زرد
چند بار شستہ میں ملاکر آبلہ فرنگ پر لگادیں۔ **ترکیب مربہ ہلیلہ مقوی**
معدہ ہلیلہ زرد ایک سو عدد کڑاہی میں ڈال کر جوشادیں۔ جب نرم ہوجاوے
نکال کر دو چند عسل میں ایک دو جوش دیکر سرد کرکے مربہ ڈالیں مصطگی زنجبیل
الاچیدانہ ہر ایک دو تولہ کوٹ کر اضافہ کریں۔ مربہ سنڈا اور زردک اور ویچ
وغیرہ کا بھی یہی دستور ہے۔ **ترکیب مربہ گلقند**۔ گلسرخ تازہ ایک
جز شکر سفید دو جز میں ملاکر چالیس روز تک دھوپ میں رکھیں۔ **ترکیب نقوع**
حلو و حامض آلو بخارا عناب ہر ایک پندراں عدد گل بنفشہ چار درم تخم کاسنی
نیم کوفتہ ایک مثقال تمر ہندی دس درم انار دانہ دس درم نیلوفر کشنیز تین تین درم
ادویہ نقوع کریں اور صاف کرکے ترنجبین پندراں درم ملاکر پلادیں۔ **ترکیب**
نقوع ہلیلہ زرد۔ مخرج صفرا آلو بخارا سپستان عناب ہر ایک تیس عدد بنفشہ
تخم کاسنی ہر ایک تین درم پوست ہلیلہ زرد دس درم تمر ہندی بیس درم ادویہ
پانی میں نقوع کریں۔ خیار شنبر ترنجبین پندراں پندراں درم اضافہ کرکے پلادیں
ترکیب نطول بنفشہ۔ کاہو گل سرخ نیلوفر گل خطمی تخم خطمی کوکنار کدو شیریں
دبرگ کدو شیریں ہر ایک دس درم کشک جو پچاس درم برگ بید پانچ عدد
ادویہ جوشاکر صاف کرکے بطریق معروف آہستہ آہستہ نطول کریں۔

ترکیب نفوخ۔ کان پھل برگ کشمیری گل کنیر برگ تمبا کو ہر ایک تین درم قرنفل سات عدد زعفران نیم درم مشک ربع درم زرنباد نیم درم سب ادویہ باریک کرکے نفوخ تیار کریں۔ **ترکیب نفوخ رعاف** قرطاس سوختہ صدف قلقطار سوختہ پشم سوختہ سرمہ سیاہ سنگ جراحت مازو گلنار۔ ان میں سے جو دوا موجود ہو باریک کرکے نفوخ بنادیں یا بورہ صندل سفید و کافور ملاکر نفوخ کریں۔ **ترکیب دجور مرطب حلق**۔ بیدانہ گاؤزبان ملٹھی مغز بادام بنفشہ سونف انیسون ہر ایک تین درم مصری یا ترنجبین دو تولہ لیکر عرق گلاب میں ملادیں اور سب دوا باریک کرکے پوٹلی باندھ کر عرق میں ترکرکے حلق میں چوادیں۔ **ترکیب یاقوتی مفرح بوعلی سینا مقوی اعضاء رئیسہ**۔ یاقوت رمانی گاؤزبان تخم کاسنی مشک خالص و کافور ہر ایک درم مروارید بسد کہربا ہر ایک ڈیڑھ درم فرنجمشک تخم بادرنجبویہ اسطوخودوس بہمن سفید عود خام حجر ارمنی لاجورد مغسول مصطگی سلیخہ دارچینی زعفران ہیل بوا قاقلہ کبابہ زرنباد ہر ایک مثقال ماہ فرفین ابریشم مقرض سرطان بحری محرق ہر ایک مثقال افتیمون ترنجبین سنبل سافج ہر ایک دو درم درونج عقربی عنبر اشہب ہر ایک دو مثقال سنحال طلا ملکس دو دانگ گلسرخ تخم خیارین ہر ایک چار درم سب دوا باریک کرکے شربت سیب شربت انار شیریں ہر ایک تیس مثقال عرق گلاب ایک سو مثقال عسل بقدر کفایت کل شربت اور عرق ملاکر قوام کرکے ادویہ مسحوق اس میں ملاکر معجون بناکر بعد چالیس روز کے ایک مثقال تک کھاویں +

تمت

حکیم سائیں بخش مصنف بقلم خود نوشت بعون اللہ تعالیٰ

ختم شد بتاریخ ۵ ماہ شعبان ۱۳۲۴ھ

ابیات اوزان

چاول چار وانہ ہے رائی باراں ماشہ تولہ جان ساڑھے چار ماشے مثقال چھتی تولے رطل خیال	آٹھ چاول بھر ہے رتی بھائی ہے چھ رتی کا دانگ ساڑھے تین کا درم سنبھال ڈیڑھ ماشے استار شمار	آٹھ رتی ماشہ پہچان چار ماشے وزن ہے ٹانک اوقیہ ساڑھے سات مثقال من طبی چہل استار

نسخجات دہقانی صدری آزمودہ حکیم

سائیں بخش آنچہ از مردمان دہقانان موضعات بدست آورد

ٹوٹکہ وجع المفاصل - واسطے وجع المفاصل کے نہایت مجرب ہے - بول میش ناز ائیدہ وشیر میش ۵ تولہ دونو ملا کر تین یا سات روز تک پلادیں - ٹوٹکہ شقاق الاطراف واسطے پھٹ جانے ہاتھ پاؤں کے مجرب ہے - نمک لاہوری نیم پاؤ روغن کنجد نیم پاؤ ایک دسیر بھر پانی میں کڑاہی میں ڈال کر جوشادیں جب پانی تمام جل جاوے اتار کر ہاتھ پاؤں میں مالش ہر روز کیا کریں - ٹوٹکہ دھدری - واسطے زخم اور دھدری بگڑی ہوئی کے مجرب ہے - گاجنی نیم پاؤ صابون ۴ تولہ نیلہ تھوتھہ بریان تولہ صدف سوختہ ۲ تولہ روغن زردہ تولہ سب دواکو باریک کر کے روغن زرد میں مثل مرہم کے تیار کر کاغذی کے طور پر ہر روز لگایا کریں - ٹوٹکہ درد زانو - واسطے ورم زانو وغیرہ کے مجرب ہے - نمک لاہوری - ہلدی - اشخار باریک پیس کر روغن کنجد ملا کر نیم گرم ٹکور کریں - بعد اکیس روز کے فصد صافن کے کھولیں - ٹوٹکہ کرم شکم - واسطے کرم شکم کے مجرب ہے قلعی کو ریزہ ریزہ کر کے قدرے مصری ملا کر ڈنڈے کونڈے میں خوب باریک کر کے ۳ ماشہ ہر روز وقت صبح کے ساتھ ترش چھاچھ کے پھکادیں اول مغز نارجیل اور قند سیاہ ملا کر وقت نہار کے کھادیں اور وقت شام بوٹی زخم حیات گھوٹ کر پلادیں - تم
ٹوٹکہ ذات الجنب - مجرب ہے افیون ایک رتی کیا نول نصف رتی ملا کر چھ تتا دیویں

تین چار دفعہ **ضماد ذات الجنب** رائی سفید ۶ ماشہ تخم حلبہ ۳ ماشہ صمغ عربی ڈیڑھ ماشہ افیون ۲ ماشہ بیضہ مرغ میں ملاکر ضماد کریں دیگر ایلوا مقل اشخار سنڈھ ہر ایک ماشہ لیکر زردی بیضہ مرغی میں ملاکر ضماد کریں۔ **ٹوٹکہ صرع** واسطے صرع کے مجرب ہے وچ پانچ تولہ شہد خالص دس تولہ میں ملاکر بقدر تین ماشہ کے ہر روز کھادیں اس سے قے ہوگی اور بلغم خارج ہوکر مرگی والا شفایاب ہوجاوے گا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ **ٹوٹکہ سوزاک**۔ واسطے سوزاک کے مجرب ہے بہروزہ مغسول پانچ تولہ۔ طباشیر تولہ۔ الائچی خورد تولہ مصری سفید ۸ تولہ آپسمیں ملاکر بقدر چھ ماشے بکری کی لسی کے ساتھ ہر روز کھادیں بوقت صبح اور بوقت شام پھٹکڑی سفید سوختہ ایک جزو اور مصری سفید دو جز ملاکر بکری کی لسی سے کھادیں۔ **ٹوٹکہ ورم الطحال** واسطے ورم الطحال کے مجرب ہے نوشادر ۵ تولہ سوہاگہ ۴ تولہ شورہ قلمی ۴ تولہ تینوں کو دو پیالہ گلی میں رکھ کر جوہر اُڑا لیں اور نمک سونچل دو تولہ مرچ سیاہ دو تولہ اور چھل ہریڑ زرد سات تولہ تربد سفید تولہ سب ادویہ باریک کرکے ہموزن مصری ملاکر بقدر ۲ ماشہ ہر روز کانجی کے ساتھ کھادیں۔ **ٹوٹکہ زکام ونزلہ**۔ واسطے زکام ونزلہ کے مجرب ہے۔ چاہ بقدر حاجت ۳ ماشہ یا ۴ ماشہ جوشاکر نمک ڈال کر پیویں۔ اور واسطے نزلہ حار حریرہ بھی مجرب ہے۔ جیسے خشخاش شیرہ گندم۔ مغز بادام۔ نارجیل قدرے پوست خشخاش اور قند سفید ملاکر پلادیں نہایت مجرب ہے۔ **ٹوٹکہ لوط وھدری**۔ واسطے لوط وہدری کے مجرب ہے۔ پارہ گندھک اولہ سار۔ باپچی مرداسنگ خوب باریک کرکے مکھن دھوئے کے ساتھ ملاکر وہدری لوط پر ضماد کریں مکھن کے ساتھ دوبارہ پیس کر۔ **ٹوٹکہ** واسطے خون دندان کے۔ مازو مسور سُرخ گلنار اقاقیا کندر شب یمانی سوختہ۔ گل سُرخ وزن مساوی باریک پیسکر دندان پر ملیں۔ **ٹوٹکہ خفقان**۔ واسطے خفقان کے عرق گندر عرق گاؤزبان عرق گلاب شربت گاؤزبان۔ **ٹوٹکہ** واسطے جریان منی۔ بھنگ بریان کی کف لیکر برہم ڈنڈی گھوٹ کر اُس کے ساتھ لگاویں مجرب ہے۔ **ٹوٹکہ قوت باہ** واسطے قوت باہ خشکی کو ساتھ روغن زرد اور حرارت کو ساتھ شیر اور برودت کو ساتھ گوشت۔ اور خبث الحدید اور حب آذراقی اور مقویہ بدن اور معجون گرم اور مغزیات وغیرہ مجرب ہے

ٹوٹکہ واسطے قوت باہ کے مجرب ہے ثعلب مصری تولہ شقاقل ۴ تولہ موصلی سفید ۴ تولہ۔ پوست اسبغول ۴ تولہ بہمن سفید ۴ تولہ گوند کتیرا ۴ تولہ تخم کونچ مغز بادام ۴ تولہ مغز نارجیل ۴ تولہ مغز پستہ ۴ تولہ چار مغز ۴ تولہ دال ماش و روغن زرد ہر ایک ڈیڑھ پاؤ مصری نیم آثار ریختہ اول دال کو منقشر کرکے روغن میں بریان کریں تمام ادویہ باریک کرکے ملادیں۔ ۴ تولہ خوراک ہے ہمراہ شیر آدہ سیر و روغن زرد ۴ تولہ مصری ڈال کر۔ ٹوٹکہ واسطے خارش کے مجرب ہے۔ چرائتہ ۳ ماشہ۔ برگ حنا ۳ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ و پاپڑہ ہر ایک نیم تولہ وقت رات کے پانی میں تر کرکے صبحکو صاف کرکے شہد ملاکر پلادیں۔ **ٹوٹکہ ضیق النفس**۔ واسطے ضیق النفس کے مجرب ہے سبوس گندم یکمشت مغز بادام ۶ ماشہ حلبہ ۶ ماشہ السی ۶ ماشہ مغز کدو تولہ ملٹھی ۳ ماشہ زوفا ۳ ماشہ مویز منقی ۵ دانہ گاؤزبان ۳ ماشہ روغن زرد ۴ تولہ مصری ۴ تولہ حریرہ بنادیں بطریق معروف غذا گندم و قند سفید و روغن زرد سوختہ پرہیز از سردی و ترش تاکید کنند۔ ٹوٹکہ واسطے کھنگ کے مجرب ہے رب السوس تولہ ملٹھی ۴ تولہ گکر سنگی دو تولہ سنڈ تولہ۔ فلفل گرد تولہ فلفل دراز تولہ شہد میں حب بناکر سوتے کیوقت منہ میں رکھیں۔ ٹوٹکہ واسطے سرفہ گرم خشک کے مجرب ہے نیلوفر دو تولہ بیدانہ ۲ تولہ خطمی تولہ خبازی تولہ عناب ۶۰ دانہ لسوڑیاں ۶۰ دانہ ملٹھی ۲ تولہ بیدانہ ۲ تولہ مصری ۳ پاؤ۔ شربت پکادیں۔ **ترکیب لعوق**۔ واسطے سرفہ خشک کے بنفشہ ۲ تولہ کتیرا دو تولہ مغز تخم کدو ۲ تولہ تخم خشخاش ۲ تولہ روغن بادام ۳ تولہ لعاب اسبغول و بیدانہ لعوق بنادیں **ترکیب حریرہ** واسطے سرفہ گرم و خشک جو مقشر خشخاش سفید مصری روغن بادام یا روغن زرد غذا شیر برنج مرطب و حب السعال وقت خفتن بدہند۔

تنبیہ

اس کتاب کو بلا اجازت میاں کرم الدین تاجر کتب بازار کشمیری لاہور کے کوئی صاحب قصد طبع نہ فرمادیں بعوض فائدہ نقصان نہ اُٹھادیں

المشتہر

تخمۂ وبہ نستعین

خدا کا شکر ہے کہ ان دنوں رسالہ نایاب موسوم بہ تشریح الطب طالبان طبابت کے لئے بڑی جان فشانی اور عرق ریزی سے بار ششم ترمیم کر کے مطبع منشی نولکشور لاہور میں چھپوا کر شایع کیا ہے۔ اطلاعاً گذارش ہے اگرچہ اس دوکان پر ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ مثل عربی فارسی انگریزی مطبوعہ لاہور نولکشور دہلی بمبئی ہنرکاری وغیرہ معہ خط و لفافہ سنہری ہر ایک قسم فروخت کیلئے موجود ہے اور قیمت بھی ارزاں ہے لیکن خاص کتاب کے آخر پر بعض کتب طب وغیرہ کی فہرست درج کرتے ہیں تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہے اُس فن کے اور بھی کتب موجودہ دکان سے شائقین و تاجران کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو۔

مکسار

میاں کرم الدین تاجر کتب کشمیری بازار لاہور

نام کتاب	قیمت فی جلد	نام کتاب	قیمت فی جلد	نام کتاب	قیمت فی جلد
کتب طب فارسی		زمرد	۱۰ر	**کتب طب اردو**	
		مطب علوی خاں	۳ر		
مجربات اکبری	۷ر	مفرح القلوب	۲ر	میزان الطب معہ رسائل	۵ر
کفایہ منصوری	۱۱ر	قرابادین قادری	۲ر	زبدۃ الحکمت	۱۰ر
دستور العلاج	۱۰ر	علاج الغربا	۸ر	مفید الاجسام	۳ر
تسہیل العلاج	۸ر	دار الشفاء	۲ر	تشریح الاجسام	۸ر
مجموعہ میزان الطب	۷ر	مخزن الادویہ	سے ر	علاج الغربا	۸ر
طب یوسفی	۳ر	ناصر المعالجین	۶ر	" (با تصویر)	۱۰ر
قرابادین اعظم	[illegible]	مفردات ناصری	۳ر	طب اکبر	عمر
طب اکبر / خیر الانسان	عہ / ۲ر	الفاظ الادویہ ریاض الادویہ	۶ر	کفایہ منصوری	۱۲ر

شائقینوں کو مژدہ

[illegible]

اس دوکان میں ہر ایک قسم کی کتابوں کا ذخیرہ فروخت کیلئے موجود ہے جو دیگر تاجرونکی نسبت ارزان قیمت پر ملسکتی ہیں علاوہ خریداری کتب ہر قسم کی اشیاء بھی مناسب کمیشن پر روانہ ہوسکتی ہیں۔ ہر ایک فرمایش کیواسطے دس روپیہ فیصدی پیشگی آنا چاہئے ایکدفعہ منگواکر آزمایش کریں

المشتہر

میاں کرم الدین تاجر کتب لاہور بازار کشمیری

دافع الامراض عضو تناسل

مصنفہ جناب حکیم فضل حسین خلف حکیم ضامن علی صاحب بلند شہری نے زبان مروجہ میں تصنیف کیا ہے جسمیں مجربات حکیم شریف خان صاحب و حکیم محمود خاں صاحب دہلوی وغیر مؤلف رسالہ ہذا کی امراض آتشک و سوزاک و جریان منی و امساک موجود ہیں۔ جسکو مؤلف نے بہ سیاحت جہاں بڑی سعی سے حاصل کیا ہے یعنی کشتہ چاندی سونا۔ قلعی۔ سنکھیا۔ ہڑتال۔ مس و دیگر تراکیب عمدہ عمدہ درج کی ہیں۔ قیمت ۸ مع محصول ڈاک

اطلاع

کتاب ترجمہ احادیث رسول خدا یعنی اخبار محمدی جو مدت سے نایاب تھی اور مشتری و خریدار ہر وقت اُس کے جویان پویان تھے۔ اسلئے ہوا خواہ خلائق نے بصرف زر کثیر از سر نو اسکو طبع کرایا ہے تاکہ ہر ایک مسلمان بھائی اُس کے مطالعہ سے توشہ عقبیٰ حاصل کرے باوجود ان فوائد کے قیمت بھی بہت کم ۱ر مع محصول ڈاک ہے۔ جس صاحب کو خریدنا منظور ہو پتہ ذیل سے طلب کر سکتا ہے ÷

خیر الانسان المعروف علاج الابدان

پنجابی نظم میں ہر ایک مرض کی مفصل کیفیت اور اُس کے دفعیہ کا علاج نہایت آسان طریقہ سے درج ہے۔ قیمت ۳ر

پورن بھگت مصنفہ دیوا سنگھ جہانوالہ

پنجابی نظم میں پورن بھگت کا قصہ نہایت دلچسپ پیرایہ میں لکھا گیا ہے۔ سوال و جواب قصہ کے لطف کو دو بالا کر دیتے ہیں۔ قیمت ۱ر

المشتہر

میاں کرم الدین تاجر کتب لاہور بازار کشمیری